وہ۔۔بولے۔۔ "میری بات کا جواب نہیں ہے

سمجھا دو گی سمجھ اب بھی جاتا ہے اگر پیار سے

وہ دوسرا پراٹھا "سمجھائیں گے تو شاید سمجھ جائے

توے پر ڈالتیں بولیں۔۔۔

اور تمھیں لگتا ہے انس شاہ نے اپنے باپ کی سنی

وہ برجستہ طنز خود بھی کر گئے "تھی سوائے اپنی ماں کے

افین خاموشی رہ گئیں۔۔

تو اس رسم کو توڑ دیں۔۔۔انس شاہ نے کچھ اچھا بھی

وہ انکے لیے ناشتہ تیار کر چکیں تھیں۔۔۔ "نہیں کیا

انس شاہ۔۔۔ ٹیبل پر جا کر بیٹھ گئے

افین نے انکے آگے ناشتہ رکھا۔۔۔ تو وہ کھانے لگے

۔۔۔

افین۔۔البتہ انکے لیے دودھ کا گلاس رکھ رہی تھی تبھی

زار آیا۔۔۔

اور خوشگواری حیرت سے ماں باپ کو دیکھ کر وہیں

رک گیا۔۔۔۔

اسنے۔۔ایک نظر اپنی ماں کو دیکھا وہ کتنی۔۔پر سکون لگ رہیں تھیں انس شاہ کے ارد گرد کام کرتی ہوں۔۔۔

جب چہرے پر۔۔۔خوشی تو نہیں تھی مگر وہ بے چینی بھی نہیں تھی۔۔

زار۔۔۔ان دونوں کے قریب آیا۔۔اور چیئر کھینچ کر بیٹھ گیا

"ہیلو ڈیڈ

وہ مسکرا کر بولا انس شاہ نے چونک کر دیکھا۔۔۔

وہ بولا۔۔۔تو افین نے نفی کی "ہائے مام

وہ بولا اور اسکے آگے پراٹھا رکھ دیا۔۔۔ "سلام کیا کریں

انس شاہ نے اسکے چہرے پر۔۔۔اطمینان دیکھا ۔۔۔وہ انکی اولاد تھی وہ اسکے لیے برا نہیں چاہتے تھے مگر عالیہ انکی محبت تھی

افنین نے اسکے گھنے "آج آپ آفس جائیں گے

بالوں میں ہاتھ پھیرہ۔۔

ڈیفنیٹلی۔۔۔

اگر کوئی ہمارا احساس کرے گا تو میں بھی اسکا

زارنہ چاہتے ہوئے بھی انس "احساس کروں گا

شاہ کو دیکھتا طنز کر گیا۔۔۔

مجھ پر طنز برسانے کی اور میری برابری کی تمھیں

ضرورت نہیں ہے۔۔۔

عالیہ کے ساتھ آج کے بعد بدتمیزی نہیں کرنا وہ

"بڑی ہیں تم سے اور یہ گھر انکا بھی ہے

کیا اس عورت کی موجودگی کی ہم تینوں میں

ضرورت ہے۔۔ کیا آپکو لگتا ہے وہ عورت۔۔۔ ہم لوگوں

وہ "میں ہونی چاہیے اور کچھ ادھورا ہے اس کے بنا

بولا تو لہجہ خود با خود سخت ہو گیا۔۔۔

افین یہ جنگ اس وقت نہیں چاہتی تھی زار کا

ہاتھ تھام کر اسے روکنے لگی۔۔۔

زار کو انکا "ماں میں ان سے جواب چاہتا ہوں

روکنا اچھا نہیں لگا۔۔۔۔

جس دن تمھیں محبت ہو گی اور وہ تمھیں ملے گی نہیں اس

دن تم سے یہ سوال کروں گا"

میری ماں کے آگے میری محبت۔۔۔۔ جوتے کی

اسنے جتا جی نظریں اٹھائیں۔۔۔۔ "نوک پر۔۔۔۔

میں تم سے بحث نہیں کرنا چاہتا یہ میری اپنی

مرضی تھی میری بیوی کی اجازت تھی اور میں

تمھیں اپنی زندگی میں کیے گئے کسی فیصلے کا جواب دہ

نہیں ہوں۔۔"

"تو ڈیڈ مجھ سے بھی ایسی ہی امید رکھیے گا

وہ انگلی اٹھا کر بولے "تم مجھے غصہ نہ دلواو تو بہتر ہے

اپنی نئی بیوی کے دل میں چپین ڈالے وہ تو آپ بہت

کچھ کر سکتے ہیں۔۔ میرے ساتھ ماں کے"

وہ بھڑکے۔۔ "زار

افنین بولیں جبکہ "زار ناشتہ کر لو چپ چاپ

دونوں باپ بیٹے ایک دوسرے کو کھا جانے والی

نظروں سے دیکھنے لگے

آپ یہاں بیٹھیں۔۔ انکے ساتھ مجھے آپ دونوں کو

وہ بولا۔۔۔ تو افنین نے حیرانگی "اکٹھا دیکھنا ہے ہے

سے اسکیطرف دیکھا۔۔۔

جبکہ زار نے زبردستی اسے انس شاہ کے ساتھ بیٹھا دیا۔۔انس شاہ کے انداز میں کوئی فرق نہیں آیا جیسے یہ کوئی بڑی بات نہ ہو۔۔وہ چپ چاپ ناشتہ کرتے رہے۔۔

زار مطمئین سا ہوگیا۔۔۔

افین اٹھنا چاہتی تھی انس شاہ نے خود "ناشتہ کرو ہی اسے بیٹھنے کا کہتے ناشتے کیطرف متوجہ کیا۔۔۔

کہ اس وقت۔۔اس دماغ خراب کے دماغ میں کوئی تو تسلی پیدا ہو۔۔۔۔

زار۔۔واقعی خوش دیکھائی دے رہا تھا۔۔

افین انس شاہ کے ساتھ ناشتہ کر رہیں تھیں زار ان دونوں کے سامنے بیٹھا تھا۔۔۔

جبکہ عالیہ یہ منظر کمرے کے دروازے

میں کھڑی بے یقینی سے دیکھ رہیں تھیں۔۔

ہاں پہلے انھیں افنین سے کوئی مسلہ نہیں تھا۔۔۔

مگر اب انکے دل میں جیلسی آٹھ چکی تھی۔۔کیونکہ

افنین انس شاہ کے ساتھ انھیں بلکل اچھی نہیں

لگ رہیں تھیں۔۔

وہ۔۔دوبارہ کمرے میں چلی گئیں یہ الگ

بات تھی کہ انکی آنکھیں اس جیلسی سے بھیگنے لگیں

تھیں

یہ عمر تو نہیں تھی جیلسی کی مگر پھر بھی وہ جل

چلیں تھیں۔۔۔

دوسری طرف۔۔صدام اور نتاشہ بھی ٹیبل پر آ

چکے تھے صدام نے سلام کیا سب کو۔۔۔جبکہ

نتاشہ تو منہ پر ہاتھ رکھے افنین اور انس شاہ کو دیکھ رہی تھی صدام کو البتہ فرق نہیں پڑا تھا کیونکہ افنین بھی انس شاہ کی بیوی ہی تھیں۔۔۔

وہ۔۔خاموشی سے زار کے ساتھ بیٹھ گیا جبکہ اسکے بیٹھتے ہی زار اٹھ گیا۔۔

اوکے میں آفس کے لیے ریڈی ہو کر آتا ہوں۔۔

اسنے ماں کو پیار سے "اور آپ اچھے سے ناشتہ کیجیے گا کہا تو وہ مسکرا دیں

زار کے جاتے ہی فورا اٹھیں اور کچن میں چلیں گئیں

وہ بولے۔۔ "بہت بد تمیز ہے یہ تم فیل مت کرنا تو صدام مسکرایا

اٹس اوکے۔۔

صدام نے کہا تو انس شاہ نے "ویسے گڈ ٹو سی یو بو تھ
کوئی جواب نہیں دیا

وہ "تمھاری ماں نہیں آئی اب تک میں لاتا ہوں اسے
کہہ کر چلے گئے جبکہ صدام کا شور بہت دل تھا آج
پراٹھا کھانے کا

--

"نتاشہ مجھے پراٹھا بنا دو۔۔

نتاشہ چیخی۔۔۔۔ "میں

صدام ہنس دیا۔۔

وہ بولا تو نتاشہ کے دماغ "اب میری بیوی بھی تم ہی ہو۔۔
میں ایک بات آئی۔۔

اسنے صدام سے پوچھنا ضروری سمجھا۔۔

اگر۔۔ تمھاری دو بیویاں ہوتی۔۔ تو تم کس کے حق میں ہوتے

نتاشہ کے سوال پر وہ کھل کر ہنسا۔۔ ”صدام

اسنے اسکا گال چھوا تو۔۔نتاشہ کی خوشی کا ”تمھارے

ٹھکانہ نہیں رہا

“اوکے میں میڈ سے بنوا دیتی وہ تمھیں پراٹھا

صدام زرا الجھ کر بولا۔۔ “نہیں یار تم خود بنا دو

نتاشہ کھکھلائ۔۔ “ہنی مجھے پراٹھا بنانا کب آتا ہے

صدام نے افسوس سے اسکی جانب دیکھا

“تو میرے لئے سیکھ لو

وہ ہنس دی ”ارے

میرے نیلز خراب ہو جائے گے اور ویسے بھی یہ

دیہاتی لڑکیوں کے کام ہیں میں ایسے کام نہیں کرتی مگر

“تمھیں پسند ہے تو بنوا دیتی ہوں

وہ کہہ کر چلی گئی جبکہ صدام۔۔ گھیرہ سانس بھر کر عینہ کے بارے میں سوچنے لگا وہ رات بھی اسے دیکھی نہیں تھیں

وہ۔۔۔ اسکا منتظر تھا کہ وہ روم سے اجائے کیونکہ اسکے کالج کا وقت بھی وہ چکا تھا۔۔۔

انس شاہ کی کسی بات کا جواب عالیہ کے پاس میں تھا۔۔

وہ بولے تو۔۔۔ عالیہ نے انکا ہاتھ اپنے بازو پر "کیا ہوا سے ہٹایا۔۔۔

وہ چیڑ کر بولی۔۔۔ "اپنی پہلی بیوی کے پاس جائیں

انس شاہ کا قہقہہ ابھرا

عالیہ برا مناتے بولی "ہنسنے کی بات ہے یہ

یار اٹس کامن۔۔ افکورس وہ میری بیوی ہے۔۔

انھوں نے کہا"مگر تم محبت ہو

ہاں یہ بات ان کے سامنے تو آپ کبھی نہیں کہیں

گے" وہ بولی۔۔

تو انس شاہ نے شانے آچکاے

سب کے سامنے کہنے میں کیا حرج ہے میں

نے چوری تو نہیں کی۔۔۔

زاران سے آفس میں اپنے روم کی چابی لینے ایا تھا

عالیہ کی باتیں سن کر اسے لگا آگ اسکے قدموں

میں لگی ہے اور سر پر بھی بجھے گی نہیں۔

عالیہ مسکرا دی۔۔

وہ انقریب سے اطراف افین اور زار دونوں کے

سامنے کرانے والی تھی۔

زار کی کی گئی بے عزتی کا احساس زرا کم ہوتا۔۔۔

انس شاہ صدام اور زار تینوں ہی آفس چلے گئے تھے

جبکہ نتاشہ نے آج بھی عینہ کا دروازہ پیٹ ڈالا تھا اب

تو وہ لڑکی اسے مشکوک لگنے لگی تھی ہر وقت دروازہ بند

کیے پڑی رہتی تھی۔۔۔

مگر عینہ کچھ دیر میں ہی باہر اگئی اسکی آنکھیں زرا سوجی

ہوئی تھیں۔۔۔

تبھی نتاشہ نے اسے پکڑ لیا۔۔

کیا مسلہ ہے تمھارے ساتھ ہر وقت کمرے کو تالا

اسنے غصے سے پوچھا۔۔۔ "چڑھا کر کیوں رکھتی ہو

عالیہ بھی پیچھے آگئیں افنین اپنے روم میں تھی

ٹھیک پوچھ رہی ہے وہ تم سے۔۔ تمھارا روم کل بھی لاک

تھا کل بھی کالج نہیں گئ چلو بخار تھا تمھیں۔۔ مگر

اب کیا ایشو تھا بیٹا پڑھائی وڑھائی چھوڑ دی ہے

عالیہ کے غصہ کرنے پر۔۔۔ عینہ پریشانی سے۔۔ "

نظریں جھکا گئ۔۔

اسکے پاس جواب نہیں تھا کوئی سوائے اس بات

کے کہ

سوری مما نیکسٹ ٹائم میں خیال رکھو گی۔۔۔ آئندہ

وہ بولی۔۔ تو۔۔۔ عالیہ نے زرا گھور "چھٹی نہیں کرو گی

کر۔۔۔ اسے۔۔۔ ناشتہ کرنے کا کہا۔۔

وہ ناشتہ کرنے ٹیبل پر بیٹھ گئ وہ ناشتے سے زیادہ اپنے

ہونٹوں کو کاٹ رہی تھی کہ کہیں وہ اسے نوٹس نہ کر لیں

اور اگر ایسا ہو گیا تو شاید وہ جان سے مار دیں گی۔۔ اسکو

۔۔

وہ۔۔ اس سے پیار کرتی تھی مگر سختی بھی بہت کرتی تھی

۔۔

عینہ نے ناشتہ کیا اور۔۔۔ اپنی جگہ سے اٹھی

یہیں بیٹھو ایک بات کرنی ہے مجھے تم سے

عالیہ بولیں۔۔۔ عینہ کے رنگ فق ہو گئے۔۔۔ "

وہ بیٹھ گئ بے چینی سے پہلو بدلنے لگی۔۔

ناہید اسفر کے لیے تمھارا ہاتھ مانگنے آنا چاہتی ہے۔۔

عالیہ نے "ناہید آنٹی کو تو تم جانتی ہو نہ۔۔۔۔

اسکیطرف دیکھا۔۔۔۔

اسنے غائب دماغی سے اثبات میں سر ہلا دیا

دماغ میں ایکدم جھٹکا لگا تھا اب یہ کون سا نیا امتحان اگیا تھا

ہاں تو اسفر کا بھی پتہ ہے تمھیں وہ۔۔۔ آنا چاہتی تھیں ۔۔ پہلے سوچ رہی تھی صدام اور انس سے بات کروں لیکن پھر تم سے پہلے۔۔۔ پوچھ لیا۔۔۔

وہ بولیں تو "تمھیں اس رشتے پر کوئی اعتراض تو نہیں

عینہ سر جھکا گئ۔۔ اسکی آنکھوں سے۔۔ آنسو۔۔۔ ٹوٹ ٹوٹ کر گیرنے کو بے تاب تھے مگر وہ رو نہیں پا رہی تھی۔۔ وہ انھیں کیسے کہتی۔۔۔ کہ۔۔۔ وہ نکاح کر چکی ہے۔۔۔

ہاں وہ اسے۔۔ جان سے مار دیتی۔۔۔

وہ انکار کرنا چاہتی تھی۔۔۔ لیکن انکار کی وجہ کیا ہو سکتی تھی انکار کی کوئی وجہ نہیں تھی

عینہ بولی نتاشہ "مما میں ابھی ابھی میں پڑھ رہی ہوں

اسے۔۔ اپنی تیز نظروں کے حصار میں لیے ہوئے تھی اسے عینہ کی حرکات کچھ ٹھیک نہیں لگ رہیں تھی

ہاں تو کون سا کل تمھاری شادی کر رہی ہوں۔۔۔ بس ابھی منگنی کی رسم ہو جاتی ہے پھر دو سال تک

وہ اب قدرے نرمی سے بولیں۔۔۔ "شادی کر لیں گے

انھوں نے بتایا تو وہ چپ ہو گئ۔۔ اگر وہ زار کا نام لیتی تو اسکی۔۔۔ ماں کیا ری ایکشن دیتی۔۔ وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی آخر کس طرح یہ بات روکے

وہ۔۔۔ اب "مما پلیز کچھ ٹائم بعد کر لیں گے منگنی

عالیہ کو حیرانگی ہوئی وہ رو دینے کو کیوں تھی۔۔۔

وہ پوچھنے لگیں عینہ "تم میرے غصہ کرنے پر ایسی ہو رہی ہو

کی آنکھوں سے آنسو گیرنے لگے اور وہ نفی میں سر ہلا

گئ

وہ اسکے پاس آکر "پھر کس بات پر رونا رہا ہے

بیٹھ گئیں۔۔۔

وہ۔۔بولی اور آنسو صاف کیے تو "مما مجھے ڈر لگتا ہے

عالیہ مسکرادیں وہ اسپر سختی کرتی تھیں تو وہ اکثر

ایسی ہی ہو جاتی تھی۔۔

اب تم بڑی ہو گئ ہو عینہ اس میں ڈرنے والی تو کوئ

وہ مسکرائیں تو نتاشہ اس ڈرامے کو "بات نہیں

مزید دیکھے بنا اٹھ گئ اسے کچھ دیر تک اپنی ماں کے

گھر جانا تھا۔۔۔

تبھی عینہ اور عالیہ ابھی باتیں کر رہے تھے کہ۔۔ نتاشہ اگئ

۔۔

اسنے کہا تو "میں مما کے ہاں جا رہی ہوں

عالیہ نے سر ہلا دیا اور نتاشہ چلی گئ۔۔۔

جبکہ عالیہ نے عینہ کو بات کے اختتام پر یہ کہہ دیا تھا کہ کل پرسوں تک اسفر اور ناہید آئیں گے۔۔ تو وہ ریڈی رہے ابھی صرف منگنی کی رسم ہی ہو گی اور۔۔۔

عینہ چاہ کر بھی انکار نہیں کر پائی کیونکہ اسکے پاس کوئی انکار کی وجہ تھی ہی نہیں۔۔۔

وہ عالیہ کی باتیں غائب دماغی سے سنتی رہی جو اسے ۔۔۔ اسفر کے بارے میں بتا رہی تھی اسفر کو وہ تو جانتی تھی مگر زار نہیں نہ ہی اسفر کا کوئی کبھی ذکر کیا تھا اسنے زار سے۔۔ نہ جانے وہ اس خبر پر

وہ بے حد پریشان ہو گئ تھی شاید زندگی میں سے
سکون ہی نہیں رہا تھا۔۔

عالیہ باتیں کرتے کرتے زار تک پہنچ گئ تھی "اور وہ زار

عینہ اس نام پر چونک کر اپنی ماں کو دیکھنے لگی

کس قدر بدتمیز ہے منہ پھٹ ہے تم دیکھنا
اسکو تو اسی کے باپ سے سیدھا کرادوں گی میں

عالیہ نے سر جھٹکا "

عینہ نے "مما ہمارا مسلہ تو نہیں۔۔۔ انکل انکے رئیل بابا ہیں
زرا سی کوشش کی تھی ماں کو سمجھانے کی۔۔۔

میں نے کب منا کیا ہے وہ اسکا۔۔ اصل باپ
نہیں مگر۔۔ تم نے دیکھا کیسے تمھاری ماں کی عزت
افزائی کر کے گیا تھا اور صبح جان بوجھ کر مجھے
دیکھانے کے لیے افنین اور انس کو ساتھ بیٹھا کر

اہمیت کم کرنا چاہتا ہے اور۔۔اگر وہ ایسی کوشش کرے گا تو۔۔۔پھر میں۔۔۔ہاتھ پر ہاتھ دھرے اپنی بے عزتی سنتی رہوں ایک بات تم یاد رکھنا عینہ تمھاری ماں نے کبھی۔۔۔اپنی عزت پر کامپر ومائز نہیں کیا ۔۔۔

وہ غصے سے بولیں عینہ جانتی تھی اسکی ماں کے نزدیک اسکی عزت کتنی اہم ہے۔۔۔۔

وہ خاموش ہو گئ۔۔۔۔

کیونکہ اسکا کچھ کہنا۔۔۔کسی کو بھی اسکی طرف متوجہ کر سکتا تھا۔۔۔

عینہ کچھ دیر وہیں بیٹھی رہی اور۔۔عالیہ خود ہی تھک کر اٹھ کر چلی گئیں جبکہ۔عینہ۔۔۔۔اپنے روم میں اگئ۔

۔۔

اسے بہت عجیب لگ رہا تھا سب کچھ سب
ٹھیک ہی تو تھا۔۔

اگر زار انس شاہ کا بیٹا نہ ہوتا تو۔۔ وہ آج اپنی ماں سے
کہہ دیتی کے وہ کسی اور کو پسند کرتی ہے اور

اسی سے شادی کرنا چاہتی ہے۔۔۔ اسکا سر درد کر رہا
تھا۔۔ ان سب باتوں کو سوچ کر تبھی وہ لیٹ گئ اور
آنکھیں بند کر لیں۔۔۔

جلد ہی اسکو نیند نے اپنے آغوش میں بھر لیا
تھا سمجھ نہیں ارہا تھا محبت کو دیکھے یہ۔۔۔ ماں
کے فیصلے کو۔۔۔

صدام زار کے آنے کے۔۔ بعد خود ہی ہر چیز سے پیچھے ہٹ گیا تھا اور یہ ایکطرح اچھا بھی نہیں تھا پہلے انکے۔۔ گھر میں وہ رہنے لگے تھے اور پھر اسکے بیزنیس پر وہ حق جماتا یہ کچھ ٹھیک نہیں تھا۔۔

وہ اپنے کیبن میں بیٹھا اپنے کام کی فائل دیکھ رہا تھا صبح سے زار کو بھی کام کرتا دیکھ رہا تھا زار کا الگ ہی انداز تھا اسنے ایکدم ہی سارا کام سنبھال لیا تھا صدام ۔۔ کو اچھا لگا تھا اسکا۔۔ انداز کے وہ ہر کام میں کھرا تھا البتہ وہ صدام کے ساتھ۔۔ رویہ اچھا نہیں رکھتا تھا نہ ہی وہ بولا تھا۔۔ مگر۔۔ انس شاہ سے ۔۔۔ بات کرتا ہوا اور آفس میں ورک کرتا ہوا

۔وہ۔۔ درحقیقت وہاں کا مالک ہی لگ رہا تھا۔۔

صدام اپنی فائلز بند کر کے۔۔ اپنے مینجر کو کال کرنے لگا اسکی ایک چھوٹی سی کمپنی تھی۔۔۔

اور قدرت نے اسکو ایک بڑے سارے آفس کا

مالک بنا دیا تھا۔۔

مگر وہ لالچی نہیں تھا تبھی اپنے کام سے کام رکھا تھا

اسنے انس شاہ کے لاکھ کہنے کے باوجود اسنے زار کی

جگہ نہیں لی تھی۔۔ وہ ایک پل کے لیے۔۔ اپنی زندگی کو

سوچنے لگا۔۔۔

نتاشہ نے اسے اولاد نہیں دی تھی۔۔۔

اور بچے اسے بہت پسند تھے۔۔

نتاشہ سے محبت کی وجہ سے کبھی وہ اس بات کا

اظہار نہیں کر سکا کہ اسے۔۔۔

اولاد کی ضرورت ہے۔۔۔

مگر کب تک کب تک وہ صرف نتاشہ کے

بیگ گراؤنڈ کی وجہ سے خاموش رہے گا۔۔۔

نتاشہ کا بیگ گراؤنڈ بہت سٹرونگ تھا۔۔

اور اسے لگتا تھا کہ صدام۔۔۔ اسکے پیسے کی وجہ سے کبھی منہ نہیں کھولے گا مگر اولاد وہ کمی تھی جس کو ۔۔نتاشہ پورا نہیں کر پا رہی تھی اور ہر گزرتے وقت کے ساتھ۔۔ اسے۔۔۔ اور بھی شدت سے اس کمی کا احساس ہوتا تھا۔۔

نتاشہ اپنے گھر میں داخل ہوئی۔۔ اور صوفے پر ڈھیر ہو گئ اسکی ماں پارٹی میں جانے کے لیے ریڈی تھی۔۔

اسے دیکھ کر۔۔ لیونگ روم میں اگئیں

دونوں ماں بیٹی۔۔بہت فارمل انداز میں ایک

دوسرے سے ملیں۔

وہ اس سے پوچھنے لگی "اور کیسی ہو کیسے آنا ہوا

نتاشہ "کچھ نہیں بس گھر پر بور ہو رہی تھی تو یہاں اگئ

نے شانے اچکائے

کب تک یوں پھیرتی رہو گی۔۔۔تمھیں اولاد کی

اسکی ماں نے کہا تو وہ انھیں "ضرورت ہے۔نتاشہ

دیکھنے لگی

کہاں سے لاؤ میں رپورٹ کے بارے میں آپ

وہ غصے سے بولی "جانتی ہیں پھر بھی ایسی باتیں کر رہیں ہیں

تم نہایت بیوقوف ہو۔۔اور۔۔بیوقوف ہی رہو گی

اللہ اللہ کر کے تو میری فکر ختم ہوئی ہے جب تمھاری اس بڈھی ساس نے انس شاہ سے شادی کی ہے

چلو تمھارا ایک گراؤنڈ تو مظبوط ہوا۔۔

انس شاہ کا بیٹا زندہ ہے ابھی اور وہ بھی ایسا اڑیل ہے کہ ۔۔۔جو آپ سوچے بیٹھیں ہیں ویسا کچھ نہیں ہوگا۔۔۔ ایک وہ گھر ہی ہے صدام کے نام اور چھوٹی سی کمپنی ---"

وہ بولی اور سر جھٹکا

تم تو ہی بیوقوف۔۔۔انس شاہ جب تک تمھاری ساس کا عاشق رہے گا تب تک تو تم لوگوں کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا کتنے آرام سے تم انس شاہ کی پراپرٹی اپنے

نام اتروا سکتی ہو مگر ۔۔ یہ تب ہو گا جب تمھارے ہاں

"اولاد ہو گی یہ صدام کے اولاد ہو گی

ک ۔۔ کیا مطلب آپ کی اس بات کا صدام

وہ زرا گھور کر انھیں دیکھنے لگی ۔۔ جبکہ انھوں نے ۔۔ "کی اولاد

نفی میں سر ہلایا

تمھیں ہزار بار کہا ہے کسی غریب کو پکڑ کر

صدام کی شادی کرا دو ۔۔ بچے لو اور اسے ہیک کرا کر ۔۔

وہ بولیں تو "بچوں کی ماں بنو اور سٹرونگ ہو گھر میں

نتاشہ نے تالی بجائی

بہت اعلیٰ ایک میرا شوہر ۔۔۔ ہے اور آپ

اسکو باٹنے کی بات کر رہی ہیں ۔۔

میں صدام سے بہت محبت کرتی ہوں اور وہ بھی مجھ

سے سوال ہی پیدا نہیں ہو گا میں کسی اور سے اسکی

میں تمہارا کچھ نہیں کر سکتی پھر بیٹھو یوں ہی اکیلی میں جا رہی ہوں آج اگر بچے ہوتے تو روز منہ اٹھا کر نہ ادھر ادھر نکل جاتی ماں سمجھا رہی ہے مگر ابھی تو محبت کا بھوت سوار ہے۔۔جب عمر تھوڑی سی بڑھے گی تو یہ محبت کا بخار اتر جائے گا اور وہ غصے "تب تمہیں پتہ چلے گا۔۔۔اولاد کتنی ضروری ہے سے بھڑکتی کہہ کر وہاں سے چلی گئیں جبکہ نتاشہ نے غصے سے وا اس اٹھا کر پھینک دیا۔۔۔

شادی سے پہلے سے ہی وہ بچوں سے نفرت کرتی تھی مگر اسے یہ پتہ نہیں تھا کہ اسکے ہی بچے نہ ہوئے تو اسکو کیا کچھ سننا پڑے گا اور بچے کتنے اہم بن جائیں گے۔۔

وہ خود ہی کچھ دیر میں اٹھ کر وہاں سے نکل کر دوبارہ گھر آ گئی تھی۔۔

رات وہ تینوں ساتھ ہی واپس لوٹے تھے زار الگ

گاڑی میں تھا جبکہ صدام اور انس شاہ ایک

ساتھ زار نے اپنی گاڑی روکی اور۔۔وہ گاڑی کی چابی۔۔ڈرائیور

کیطرف اچھال کر۔۔اندر چلا گیا جبکہ انس شاہ

بس اسے گھور کر رہ گئے۔۔۔

اس لڑکے کو کتنی بار سمجھایا ہے گاڑی خود پارک کیا کرو

انس شاہ ""مگر نہیں سمجھ کچھ نہیں آتی اسکو

بڑبڑائے تو صدام مسکرا دیا۔۔۔

۔اسے یہ موقع ""میں نے آپ سے بات کرنی تھی

ٹھیک لگا تھا

انس شاہ نے اسکیطرف دیکھا۔۔

ایکچلی میں اب اپنے بیزنیس پر فوکس کرنا
چاہتا ہوں تو زار آنے لگا ہے تو میں اپنی کمپنی پر
فوکس کروں گا۔۔۔

وہ کمپنی چھوٹی ہے یہ بڑی میرے باپ کی ہے اور مجھے
اسے ہی چلانا ہے آپکے اسرار پر پہلے بھی میں نے آپکی
کمپنی جوائن کی تھی تو اب میں وہاں نہیں آنا چاہتا
صدام بولا تو انس شاہ خاموش ہو گئے "

حسنین کی کمپنی ایک ڈوبی ہوئی کمپنی ہے تم کوشش کرو
کہ اس سسٹم کو بند کر دو اور۔۔۔ میرے ساتھ
"جوائنڈ ہو جاؤ

انس شاہ کی بات پر پہلی بار صدام نے انھیں
سرد نظروں سے دیکھا تھا۔

حسنین خان کی کمپنی چھوٹی تھی یہ بڑی۔۔انکا نام

چلانے کی لیے انکا بیٹا ہے۔۔۔

اسنے کہا تو انس شاہ خاموش ہو گئے۔۔۔"

اور صدام گاڑی سے باہر نکل گیا۔۔۔

دوسری طرف سے انس شاہ بھی نکل گئے دونوں

اندر ائے تو عالیہ کھڑی تھی۔۔وہ روز انکا ویلکم کرتی تھی

ابھی زار گزر کر گیا تھا تب وہ یہاں نہیں تھیں انھوں

نے پہلے بیٹے کو پیار کیا اور پھر انس شاہ کو سلام

۔۔۔۔

کھانا آج میں نے ریڈی کیا ہے۔۔۔احبائیں آپ

وہ بولیں تو انس شاہ اور "لوگ جلدی فریش ہو کر

صدام سر ہلا کر چلے گئے۔۔

دوسری طرف۔۔عالیہ اور عینہ نے مل کر ٹیبل لگائی کچھ ہی دیر میں سب فریش ہو کر اگئے

۔۔۔

جبکہ انکے بیچ افین اور زار نہیں تھے انس شاہ نے میڈ کو پکارہ

وہ بولے تو عالیہ کو نہ جانے "زار اور افین کو بلاؤ کیوں اچھا نہیں لگا اب۔۔افین اتنی بھی اہم نہیں تھی کے اسے یاد کیا جاتا۔۔۔

ملازمہ چلی گئ تو۔۔۔زار جو اپنی ماں کے پاس بیٹھا تھا ان سے باتیں کر رہا تھا اس بلاوے پر خوش ہوا تھا ۔۔۔اور صبح ناشتے کا منظر یاد آگیا۔۔

تبھی وہ منہ دھو کر۔۔بال پیچھے کرتا۔۔بلیک شرٹ کی کف کہنیوں تک فولڈ کیے باہر نکلا پیچھے افین بھی تھی تو انکی

فیملی کو ٹیبل پر جمع دیکھ اسکا حلق تک کڑوا ہو گیا

وہ انس شاہ کے عین سامنے والی چیئر پر بیٹھ گیا جو
کہ سربراہی کرسی تھی۔۔

سب خاموشی سے کھانا کھا رہے تھے افین زار کے
پاس بیٹھی تھی۔۔زار بے حد سنجیدہ تھا صرف اپنی
ماں کی وجہ سے ورنہ وہ یہاں کبھی کسی صورت نہ
بیٹھتا۔۔۔

عینہ اسے چور نظروں سے دیکھ رہی تھی آج تو پورے دن بعد
دیکھا تھا۔۔۔

ورنہ مختلف اوقات میں نظروں کا تصادم ہو
جاتا تھا زار تو اس سے بلکل بیگانہ تھا۔۔۔

عینہ۔۔پلیٹ میں چمچ یوں ہی چلا رہی تھی۔۔۔بنا کچھ کھائے

افنین نے زار کے لیے کھانو نکالا۔۔۔اور زار نے خاموشی سے کھانا شروع کر دیا۔۔۔

پہلا لقمہ لیتے ہی وہ "کس نے بنایا ہے یہ کھانا پلیٹ دور کرتا بولا۔۔۔

سب نے اسکیطرف دیکھا۔۔

وہ چلایا۔۔۔ "سکینہ

افنین نے اسکے ہاتھ پر ہاتھ رکھا "زار

مما میں کھانے میں اتنی مرچیں نہیں کھاتا یہ بات سکینہ جانتی ہے اس کا دماغ تو نہیں حل گیا جو ڈبے پلٹ دیے اسنے مرچوں کے" وہ بھڑکا۔۔۔

عینہ کے "مگر کھانے میں مرچیں تو نہیں

منہ سے بے ساختہ نکلا تھا۔۔اور منہ سے نکلتے ہی

اسے زار کی آنکھوں میں اپنی موت دیکھائی دینے لگی

اسنے سب کے سامنے معافی "بس۔۔۔سوری

مانگ لی عالیہ نے عینہ کو گھور کر دیکھا کہ کس

بات پر اسنے معافی مانگی ہے۔۔

سکینہ دوڑ کر باہر آئی۔۔

وہ زار صاحب آج تو تمام کھانا چھوٹی بیگم نے بنایا

ہے۔۔۔ میں معافی چاہتی

"میں آپکے لیے کچھ بنا دیتی ہوں

وہ بولی تو زار پلیٹ پیچھے کرتا کھڑا ہو گیا

وہ "ایک کھانا بھی حرام ہے اس گھر میں

اکھڑ کر بولتا جانے لگا۔

انس شاہ اسکی ساری حرکتیں دیکھ رہے تھے

افین شرمندہ سی تھی

زار۔۔ سپائیسی کھانا نہیں کھاتا۔۔۔ بچپن سے ہی۔۔

وہ چپ ہو گئی۔۔ "کھانا اچھا بنا ہے۔ مگر۔۔

انس شاہ "تو کل سے اسکے لیے کھانا تم خود بنا لینا

بھی جانتے تھے یہ بات اور زار۔۔ اکثر سکینہ پر

بھڑکتا تھا کھانے میں مرچوں کی وجہ سے

بہت تبھی انس شاہ بولے۔۔۔

تو افین نے سر ہلا دیا

وہ کہہ کر خود بھی اٹھ گئی اور زار کے "جی ٹھیک ہے

کمرے کیطرف بڑھ گئی جبکہ سکینہ نے سارا کام چھوڑا

جو عالیہ نے اسے کہا تھا کہ وہ۔۔۔

روٹیاں ڈال دے۔۔۔ اور زار کے لیے کھانا بنانے لگی

عالیہ کے دل میں اور بھی جلن اٹھ گئی تھی زار کے نام کی کہ وہ ایسی بھی کیا توپ چیز ہے جو اسکے ہاتھ کا بنا کھانا نہیں کھا سکتا اور انس شاہ اسے سپورٹ کر رہے تھے اس معاملے میں۔۔۔

اسے شدید غصہ آیا۔۔اور عینہ اس بات پر گھبرا رہی تھی کہ آگے کیا ہوگا اسکے منہ سے نکلا ہی کیوں۔زار سے بچنے کے لیے۔۔۔اج اسنے سوچ لیا تھا وہ روم میں نہیں جائے گی اسے ڈر لگ رہا تھا ابھی سے ہی

سکینہ نے اس کا کھانا بنا دیا تھا۔۔۔ زار نے اپنے روم

میں ہی کھانا کھایا۔۔۔۔

۔۔ ”کیا کھانے میں مرچیں زیادہ تھیں

افنین نے پوچھا تو وہ۔۔ نفی میں سر ہلانے لگا

وہ ”اتنے زہریلے ہاتھوں نے بنایا تھا میں کیوں کھاتا

بولا تو افنین نے سر تھام لیا

”کسی دن پیٹے جاؤ گے زار اپنے باپ سے

وہ نخوت سے بولا۔۔۔۔ ”آویں

اسنے کہا۔۔۔ تو افنین نے سر نفی ”بچہ نہیں ہوں

میں ہلایا

”اپ نے سنا۔۔ اس عورت کی میسنی بیٹی کو

زار نے کلس کر کہا

افنین اسکا کمرہ ٹھیک "عینہ کی بات کر رہے ہو
کرتیں بولیں

وہ شانے اچکا کر بولا۔۔۔ "ہاں جو بھی ہے وہ
اچھی بچی ہے ڈری سہمی سی رہتی ہے کبھی کھل کر بولتی بھی
افنین نے کہا تو۔۔زار نے ماں کیطرف "نہیں۔۔۔
دیکھا

وہ پانی کا گلاس لبوں سے لگا گیا "اتنی بھی اچھی نہیں ہے
اب میں نے تمھیں یہ تو نہیں کہا اسے پسند کرو
وہ ہنس دیں۔۔۔"

زار کچھ نہیں بولا

آپکو ان میں سے کسی کی فیور کی ضرورت نہیں ہے
"۔۔۔

وہ اٹھتے ہوئے بولا۔۔۔۔

اب عینہ کے پیچھے مت پڑ جانا۔۔۔اور زیادہ مت سوچو

فریش ہو جاؤ"

افنین اسکے کپڑے الماری میں لگاتی بولیں۔۔۔تو۔

زار ایک پل کے لیے رک گیا

اسکے پیچھے پڑنے سے تو ماں آپ بھی نہیں روک

سکتیں"وہ بڑبڑایا۔۔۔اور۔۔واشروم میں چلا

گیا۔۔۔

عالیہ کا انداز انس شاہ کے ساتھ روکھا روکھا

سا تھا۔۔۔

انس شاہ نے انکا ہاتھ پکڑا

وہ پوچھنے لگے "کیا مسلہ ہے ایسے کیوں پریشان ہو

عالیہ نے "انس۔۔کیا وہ کھانا اچھا نہیں تھا

بھیگے لہجے میں وپچھا

انس شاہ ہنس دیا۔۔اور اسکے آنسو صاف "ارے

کیے

افکورس اچھا تھا مگر زار بچپن سے ہی سپائیسی فوڈ

نہیں کھاتا۔۔اسے چیڑ ہے زیادہ مرچوں والے

کھانے سے۔۔اور۔۔بہت ہنگامہ کھڑا کر دیتا ہے

اگر اسکی پسند کا کھانا نہ بنے اور ویسے بھی تمھیں کیا

ضرورت ہے کسی کے لیے محنت کرو تم صرف

میرے لیے بناؤ۔۔زار کا کھانا اسکی ماں بنا لے گی

انس شاہ نے سمجھایا۔۔"

وہ "مگر پھر بھی۔۔اسطرح انسلٹ کر دی اسنے میری

اچھا تم تو تو مت میں کل پوچھتا ہوں اس سے ویسے

"اس لڑکے میں تہذیب کی شدید کمی ہے

اسطرح تربیت کی ہے افنین نے اسکی وہ بلکل لحاظ

وہ۔۔ بولیں تو انس شاہ نے۔۔ نے گھیرہ "نہیں کرتا۔۔

سانس بھرا۔۔۔

دیکھو عالیہ۔۔۔ اسکے لیے ابھی مشکل ہے یہ سب

برداشت کرنا میری توجہ کا بٹ جانا وہ صرف

یہ چاہتا ہے اسکا باپ صرف محبت کرے تو

اس سے۔۔۔ کسی اور کو نہ دیکھے اسکی ماں محبت

کرے اس سے کرے وہ ہر رشتے اور جزبے کو لے کر

بے حد جزباتی ہے اور یہ بات اب کی نہیں ہے

تمھارے آنے کے بعد ایسا ہوا ہے میں جانتا ہوں

یہ اسکی عادت ہے میری توجہ کے بٹنے کی

وجہ سے وہ۔۔ایسا۔ہارڈ رویہ دیتا ہے۔۔ تم اس سے بات کیا کرو بولا کرو۔۔۔

"عادی ہو جائے گا تمھارا

زارنہ ہوا جانور ہو گیا جسے عادت ڈالوں میں

عالیہ نے دل میں سوچا اور سر جھٹکا۔۔"اپنی منہ سے نہیں کہا کیونکہ وہ دیکھ سکتیں تھیں انس شاہ کو بھی زار سے محبت ہے۔۔

وہ بولیں "اچھا مجھے عینہ کے بارے میں بھی بات کرنی تھی

انس شاہ۔۔کی ساری توجہ اسکیطرف تھی "ہاں بولو

میری دوست ناہید اسفر اپنے بیٹے کے لیے عینہ کا رشتہ مانگنے آنا چاہتی ہے۔۔ویسے تو میں جانتی ہوں عینہ ابھی چھوٹی ہے مگر۔۔اسکی بہت خواہش ہے ہر روز فون کرکے۔۔بہت فورس کرتی ہے تو میں نے بھی

سوچا چلو منگنی ہو ہی جائے شادی پھر اسکی

عالیہ "تعلیم مکمل ہونے کے بعد ہو جائے گی

نے بات مکمل کی۔۔

"عینہ بہت معصوم ہے تم لگتا ہے اسفر اسکے لائق ہے

انس شاہ نے۔۔۔ کہا تو عالیہ ہنس دی

کیوں نہیں بہت تہذیب والا بچہ ہے۔۔ پڑھا

لکھا ہے۔۔۔ اچھی پوسٹ پر ہے۔۔۔ اور مجھے تو بہت

عالیہ کے کہنے پر انس شاہ مسکرا رہے "پسند ہے

ٹھیک ہے پھر تمھیں پسند ہے تو۔۔۔ کوئی مسلہ نہیں

انس شاہ کی بات پر وہ مسکرا دیں۔۔۔ "

جبکہ انس شاہ ہنس دیے۔۔۔۔

چلیں پھر میں اسے کل آنے کا کہتی ہوں ڈیٹ

وغیرہ فائنل کر لیں گے آپ اسفر سے ملیں گے

وہ بولی تو انس شاہ نے سر اثبات میں ہلایا "کہ

اور لیپ ٹاپ کھول لیا عالیہ بالکنی میں ناہید

سے بات کرنے آئیں۔۔ تو سیدھا نظر گیٹ کے

پاس۔۔لون کی گھاس پر بیٹھے زار پر گئ وہ اس کالی

رات میں۔۔ اپنے دو کتوں سے کھیل رہا تھا۔۔۔

دونوں کتے اس پر چڑھتے تو کبھی اسکو پیار کرتے۔۔

جبکہ وہ بلیک ٹی شرٹ اور جینز میں بے حد

ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔۔

اسکے ہسنے کی آواز لون میں گونج رہی تھی۔۔۔

عالیہ چند لمحے اسے دیکھتیں رہیں اور پھر۔۔

نفرت سے۔۔ سر جھٹکا۔۔

اور جھولے پر بیٹھ کر ناہید کو کال ملالی۔۔۔

نتاشہ بیڈ پر بیٹھی تھی۔۔۔ اسنے فیل کیا تھا آج کل صدام آفس ورک میں زیادہ ہی بیزی ہو گیا تھا نہ اسے ٹائم دیتا تھا نہ ہی توجہ۔۔

وہ بولی۔۔ وہ بیڈ پر لیٹی ہوئی تھی جبکہ صدام "صدام صوفے پر بیٹھا ورک کر رہا تھا۔۔

وہ مصروف سا بولا۔۔ "ہاں بولو

کیا تمھیں میرے علاوہ بھی کوئی پسند آ سکتی ہے

اسنے ایسے ہی پوچھ لیا"

صدام نے اسکی طرف دیکھا۔۔۔

وہ سنجیدگی سے بولا وہ "میں نے کیا کبھی کہا ہے ایسا اس وقت کافی مصروف تھا اور یہ سوال اسکے نزدیک بے حد فضول تھا۔۔۔

وہ محبت کرتا تھا اس سے ڈیٹس اِیٹ

نہیں میں نے ویسے ہی پوچھ لیا۔۔

تم انس شاہ کے۔۔ بیزنیس میں اچھے سے انولو ہو

نتاشہ "رہے ہو ویسے یہ ہمارے حق میں اچھا ہے

مسکرائی

دماغ ٹھیک ہے تمھارا۔۔ میں دوبارہ سے اپنی کمپنی جوائن

صدام نے اسے اطلاع دی "کر چکا ہوں

نتاشہ تو حیران رہ گئی "واٹ

صدام تھکا تھکا سا صوفے کی پشت سے ٹیک لگا "یس

گیا

تم پاگل ہو۔۔ جہاز کو چھوڑ کر۔۔ تم دوبارہ سے ایک چھوٹی

نتاشہ تلخی سے بولی۔۔ "کشتی میں سوار ہو گئے ہو

جبکہ صدام کو اسکا رویہ برا لگا۔۔

وہ تیوری چڑھا کر بولا تو۔۔ ”تم کیسے بات کر رہی ہو۔

نتاشہ سٹپٹائی۔۔۔

س۔۔ سوری ہنی بٹ۔۔ میں حیران ہوں ہمارے

پاس۔۔ انس شاہ کی کمپنی کو اپنے نام کرانے کا اچھا

موقع تھا“

”نتاشہ سیریسلی۔۔ مجھے اب حیرانگی ہو رہی ہے

صدام۔۔۔ کو غصہ آیا۔۔۔

میں نے ایک دن بھی ایسا نہیں سوچا اور تم کیا کچھ

وہ بھڑکا “سوچے ہوئے ہو

نتاشہ کو بھی غصہ آیا ”تم مجھ پر غصہ کر رہے ہو صدام

۔۔۔

تو اور کیا کروں تم نے اپنی بکواس سنی ہے میں

وہ بولا "خوش ہوا اس میں جو میرے پاس ہے

اور دوبارہ لیپ ٹاپ دیکھنے لگا نتاشہ تو غصے سے کھولنے لگی

صدام کے غصے سے واقف تھی۔۔ تبھی زیادہ بحث نہیں کی وہ کبھی کبھی ہی غصہ کرتا تھا مگر جب کرتا تھا تو پچھ نہیں دیکھتا تھا۔۔ نتاشہ تبھی ہر وقت سوئیٹ رہتی تھی کہ وہ غصہ نہ کرے۔۔۔

نتاشہ نے پوچھا۔۔ تو۔۔۔ "صدام تمھیں اولاد چاہیے

صدام نے اسے۔۔ دیکھا

صدام کو آج اسکی باتیں فضول "تم خرید کرلانے والی ہو لگ رہیں تھیں

ن۔۔ نہیں۔۔ خریدنے کی کسی بات ہے میں سوچ

وہ بولی شادا سے "رہی ہوں تمھاری دوسری شادی کرادوں

ٹیسٹ کرنا چاہتی تھی کہ وہ کیاریایکشن دیتا ہے مگر

صدام کے انداز میں وہی لاپرواہی تھی۔۔

اللہ نے مجھے اولاد دینی ہو گی تو تم سے ہی دے دے گا۔۔۔

اسنے کہا۔۔ "فالتو باتیں کم سوچو اور سو جاؤ

تونتاشہ خوش ہو گئ۔۔ یعنی اتنی اہمیت تھی صدام کی

اسکی نظر میں مگر یہ تو بہت غلط ہوا تھا کہ

انس شاہ کے بیزنیس سے صدام الگ ہو گیا

تھا۔۔۔ اسنے سوچا صبح مما سے اس موضوع پر

بات کرے گی

وہ اپنے کتوں سے کھیل کر اپنے روم میں جانے لگا کہ رک گیا۔۔۔

عینہ کا روم اسکے بلکل اوپوزیٹ تھا۔۔۔اسے کچھ دیر پہلے کی بات یاد آئی ماتھے پر کئی بل ڈالے وہ اس کے کمرے کیطرف بڑھ گیا صدام کا کمرہ دیکھا دروازہ بند تھا۔۔۔اسنے عینہ کے کمرے کا دروازہ کھولنا چاہا مگر دروازہ لاک تھا

اسنے سوچا۔۔۔گویا "یعنی اب مجھ سے چھپا جا رہا ہے وہ جان کیا تھا وہ اپنی بات کی وجہ سے اس سے چھپ رہی ہے۔۔۔

اسنے اپنی پاکٹ میں سے چابی نکالی اور دروازہ کھول لیا۔۔دروازہ کھول کر وہ اندر ایا۔۔تو اندر بلکل اندھیرہ تھا

اسنے لائٹس اون کر کے دیکھا مگر یہاں کوئی نہیں

تھا۔۔وہ اس سے چھپ رہی تھی ڈر گئی تھی۔۔۔

زار۔۔۔کو غصہ آنے لگا۔۔۔

حالانکہ اسنے کہا تھا وہ کسی کی حمایت نہیں لے گا

خاص کر عالیہ کی تو قطعاً نہیں۔۔

وہ کہاں ہو سکتی تھی لون سے تو وہ خود آرہا تھا

حال میں وہ کھڑا تھا۔۔۔اور انس شاہ کے

کمرے میں اس وقت وہ ہو نہیں سکتی تھی۔۔

صدام کا روم بھی لاک تھا۔۔۔

وہ اندازے کے مطابق ٹیرس کی جانب بڑھنے لگا

۔۔

ٹیرس پر مکمل اندھیرہ تھا۔۔۔

عینہ اسکے بھاری قدموں کی آواز پر پہلے ہی ڈر کر چھپ گئی تھی پیچھے کیطرف زار سمجھ گیا تھا وہ ادھر ہی ہے کیونکہ اسکی تیزی پکڑتیں سانسیں۔۔۔صاف سنائی دے رہیں تھیں

زار۔۔۔نے۔۔۔ٹیرس کا بلب اون کیا۔۔عینہ نے اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیے

وہ "ایم سوری م۔۔مجھے میں بہت زیادہ سوری ہوں زار رونے والی ہو رہی تھی۔۔

زار سرد "تمھیں سزا ہے بنا معافی نہیں ملے گی۔۔۔ لہجے میں بولا یہ الگ بات تھی اسکی کیوٹنیس پر وہ اسکی طرف بلاوجہ ہی مائل ہو رہا تھا۔۔۔

عینہ نے بے چارگی سے دیکھا زار نے انگلی کے اشارے سے اسے پاس آنے کو کہا جبکہ وہ خود دیوار کو ٹیک لگا

عینہ کے بال اڑ کر اسکے چہرے پر آنے لگے جبکہ وہ۔۔۔

معصومیت سے۔۔۔اسکیطرف بڑھ رہی تھی

عینہ اسکے نزدیک سس گئ

زار کو اسوقت اسپر غصہ "تم مجھ سے چھپ رہی تھی

نہیں ارہا تھا نہ جانے کیوں۔۔۔۔

تبھی اسنے عینہ کو مصنوعی گھورتے۔۔۔ہوئے پوچھا۔۔

عینہ نے جلدی سے اثبات میں سر ہلا دیا۔۔۔۔

وہ سختی سے بولا۔۔ "کیوں

عینہ جھکے جھکے سر سے بولی۔۔۔ "ڈر لگ رہا تھا۔۔

زار نے اسے نزدیک کر لیا۔۔ "اب کہیں لگ رہا

عینہ کی پلکیں جھک گئیں۔۔۔

وہ رک گئ۔۔زار کا بازو اسکی "ل۔۔لگ رہا ہے۔۔ مگر

کمر میں حائل ہوا تھا۔۔۔

عینہ سٹپٹائی۔۔۔ شرم سے چہرہ سرخ ہو گیا۔۔۔

وہ گھمبیر لہجے میں بولا اور نظر اسکے دوپٹے کے ”مگر

زرا سے سرکتے ہی اپنے دیے گئے نشان پر گئ۔۔۔

عینہ کے معاملے میں وہ اس وقت شدت سے

بے اختیار ہونے لگا تھا۔۔۔

وہ بولی۔۔ جھجھکتے ہوئے۔ ”مگر آپ غصہ نہیں کریں گے

اسنے انگلی سے اسکے بال کان کے پیچھے کیے۔۔۔ ”کیوں

عینہ کا دل دھڑک رہا تھا دل کی دھڑکن کی آواز زار

باخوبی سن سکتا تھا۔۔

وہ بولی۔۔۔ ”کیونکہ میں سوری ہوں

زار نے اچانک اسکی گردن جکڑ کر اسے دیوار سے لگا دیا

۔۔۔

عینہ کی آنکھیں پھٹ گئیں۔۔

"اب بتاؤ کیا لگتا ہے تمھیں

اسکے بے رخی سے کہنے پر۔۔۔عینہ بے بسی سے بولی "زار

۔۔

سخت نفرت ہے مجھے تم سے تو اپنے انداز کی

وہ" دلفریبی سے مجھے لبھانے کی ضرورت نہیں

بھڑک کر بولا

۔۔

اور اسے خود سے دور دھکیلا۔۔۔

عینہ کے منہ سے بے ساختہ نکلا۔۔ "جھوٹ

زار کا ضبط جواب دینے لگا "عینہ تھپڑ مار دوں گا میں

وہ سر جھکا گئ۔۔ "مار دیں مگر یہ مت کہیں

زیادہ نہیں زبان چل رہی دو منٹ میں زبان بند کرا

وہ اسکا چہرہ اپنی سخت انگلیوں "دوں آگ تمہاری

میں جکڑتا بولا۔۔۔

عینہ اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔۔۔

مزید تم مجھے فریب نہیں دے سکتی ایک بار

وہ ان آنکھوں سے "دھوکا کھالیا ہے تم سے میں نے

نگاہیں چرا تا۔۔غصے سے بولا۔۔۔

م۔۔میں نے غلط کیا آپکو بتایا نہیں مگر۔زار۔۔

آپ آپ خود بتائیں میری محبت جھوٹی ہے کیا

وہ رونے لگی "۔۔۔

ہاں جھوٹی ہے صرف جھوٹ ہو تم۔۔ تمہارے ساتھ

میں نے شئیر کیا کہ میرا باپ میری ماں کے

وہ دیوار میں مکہ "ساتھ کیا کرتا ہے اور تم محظوظ ہوتی رہی

ایسا نہیں ہے۔۔م۔۔۔ میں ڈر جاتی تھی۔۔کہ جس

دن آپکو پتہ لگے گا اس دن کیا ہو گا" وہ سسکی۔۔

تو کیا ہوا اس دن" وہ۔۔اسکی گردن پھر سے دبا گیا

۔۔

وہ کچھ نہیں بولی سسکتی رہی۔۔۔

کیا ہوا عینہ اس دن۔۔۔۔تم صرف قابل نفرت

ہو۔اگر تم۔۔پہلے مجھے آگاہ کر دیتی تو میں" وہ رک گیا

۔۔

تو آپ کیا کرتے زار۔۔۔م۔۔مجھے چھوڑ دیتے۔۔۔۔ہمم

ایسا ہی ہے کہ میں اسی بات سے ڈرتی ہوں کہ

کہیں آپ مجھے چھوڑ نہ دیں۔۔" وہ اسکی شرٹ

کو مٹھیوں میں بھینچتی بولی۔۔۔

مجھ سے تمھیں اگر کوئی امید ہے تو تم سراسر بیوقوف

وہ طنزیہ مسکرایا۔۔ ”لڑکی ہو

ع۔۔عینہ آخری سانس تک صرف زار کی ہے۔۔۔

وہ۔۔نرمی سے بولی ”میری محبت میں کھوٹ نہیں

۔۔اسکی آنکھوں میں دیکھنے لگی۔۔۔

زار۔۔۔ان آنکھوں سے نگاہیں چرانے کے باوجود بھی چرا

نہیں پارہا تھا۔۔

زار نے اسکا ہاتھ جکڑا اور اسے لیے نیچے اترنے لگا۔عینہ

جانتی تھی وہ اسے اپنے روم میں لے جائے گا۔۔

عینہ نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا

وہ اپنے آنسو ”ز۔۔زار اسکے نتائج بہت برے ہوں گے

صاف کرنے لگی

یہ ہی تو میں چاہتا ہوں۔ اسکے برے برے نتائج سامنے آئیں"

وہ مسکرا دیا۔۔۔

عینہ۔۔۔ حیران رہ گئ۔۔۔

وہ طنز کرنے لگا "کیا ہوا محبت بھک سے اڑ گئ۔۔۔

۔۔۔

وہ۔۔ دور ہوئ۔۔۔۔ "میری ماں کی سزا مجھے مت دیں

تمھیں کس نے کہا تمھاری ماں کی سزا تمھیں مل رہی ہے۔۔۔ یہ تو۔۔ مجھے دھوکا دینے کی سزاا ہے کہ روز تمھیں۔۔ تمھارا جرم چھپانا پڑتا ہے" وہ اسکی گردن کی جانب اشارہ کرتا بولا لہجے میں طنز تھا تمسخر تھا۔۔۔

کب۔۔ کب تک دیں گے مجھے یہ سزا۔۔ سب مجھے نوٹ کرتے ہیں" وہ بے بسی سے بولی۔۔

زار لاپرواہی سے بعلا۔۔ "تمھارا مسلہ ہے

وہ رو دی۔۔۔ "زار

زار نے۔۔ بنا مزید کوئی بھی بات سنے اسے بازوں

میں اٹھا لیا عینہ اسی کی شکایت اسی کے سینے سے

لگی کرنے لگی

آپ بہت برے ہیں زار بہت برے آپکو مجھ پر یقین

نہیں وہ رو رہی تھی۔۔

جبکہ زار بس سن رہا تھا اسنے کچھ نہیں کہا۔۔۔

وہ اسے اپنے روم میں لے آیا۔۔۔

اور اسے اتار کر۔۔ اسنے روم کا دروازہ لاک کر لیا۔۔۔

عینہ کے چہرے پر خوف و حراس کی لہر اٹھ رہی

تھی۔۔

اسنے حکم دیا۔۔ "وہاں جا کر لیٹ جاؤ

وہ اسے روکنا چاہتی "زار پلیز مت کریں ایسا۔۔۔

تھی۔۔۔۔

کل پھر اسے سب کی نظروں سے بچنا پڑتا۔۔۔

وہ "تو تم چاہتی ہو۔۔ کہ میں تم سے سختی سے پیش آؤں

۔۔۔غصے سے چیخا۔۔۔

عینہ کا دم نکل گیا۔۔۔

وہ جلدی سے اسکی بتائی ہوئی جگہ پر جا کر بیٹھ گئی

۔۔

چہرے پر رنگ اڑ رہے تھے۔۔

پریشانی سے ہاتھ پاؤں کانپ رہے تھے۔۔

اسکے پاس کوئی چارہ نہیں تھا

۔۔

زار نے اپنی ٹی شرٹ اتاری۔۔۔ صوفے پر پھینکی روم کی لائٹس آف کیں۔۔

عینہ۔۔ ادھر ادھر دیکھنے کی کوشش کر رہی تھی۔۔

مگر اندھیرہ تھا۔۔

زار نے۔۔ نائیٹ بلب اون کر دیا۔۔ اور۔۔ اسکے برابر اکر بیٹھ گیا

عینہ گھبرا کر بیچ میں فاصلہ بنا گئ۔۔

زار نے اس فاصلے کیطرف دیکھا

وہ "دو تھپڑ لگا کر تمہارا دماغ سیٹ کر دینا چاہیے مجھے بھڑکا۔۔

عینہ اسکے نزدیک ہو گئ۔۔۔

زار نے اسکی کمر میں بازو حائل کیا۔۔۔

اور اسے اپنے ساتھ۔۔ بیٹھا لیا۔۔۔

عینہ۔۔ کی نظریں جھکی ہوئی تھیں اٹھنے کا نام نہیں لے رہیں تھیں اسنے سختی سے آنکھیں بھینچ لیں آگے کیا ہونے

والا تھا۔۔

جبکہ زار اسکے فیس ایکسپریشن دیکھ رہا تھا اسنے بنا کچھ کہے ایل سی ڈی اون کی اور۔۔ایک ہارر مووی لگالی۔۔

وہ جانتا تھا عینہ کا دم اور کس کس طرح نکالنا ہے ایک ہی طریقے سے اسکی جان نہیں نکالنی تھی

کمرے میں مووی کی آواز گونجی عینہ نے پٹ سے آنکھیں کھولیں۔۔۔

ایک نظر ایل سی ڈی کی طرف دیکھا دوسری زار کیطرف جس کی توجہ بلکل اسکیطرف نہیں تھی ابھی وہ سوچتی ہی کہ۔۔اچانک اٹھنے والی چیخ سے عینہ کی بھی چیخ نکل گئ زار نے اندھیرے میں اپنی ہنسی کا گلہ گھونٹا

تھا

عینہ اب پھٹی پھٹی نظروں سے سکرین کیطرف دیکھ رہی تھی۔۔ گویا دیکھنا بھی نہیں چاہتی تھی اور دیکھ بھی رہی تھی

سکرین پر ہارر سین تھا۔۔ لڑکی کا گلہ۔۔۔ ایک ہاتھ نے جکڑ ہوا تھا اور اس لڑکی کو اندھیرے میں کھینچ رہا تھا

عینہ۔۔ چیخنے لگی "زار۔۔ زار۔۔ بند کریں پلیز بند کریں زار اپنی آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیا اسکا دل زور زور سے دھڑک رہا تھا۔۔

زار کی سرد آواز ابھری۔۔ عینہ نے۔۔۔ ہاتھ ہٹا کر ا "آئے سکو۔۔ بے چارگی سے دیکھا

جب تک میں دیکھ رہا ہوں تب تک دیکھو بنا کسی چیخوں پکار کے ورنہ تمھیں اس کمرے سے نکلنے نہیں دوں گا پھر صفائیاں دیتی رہنا اپنی ماں کو۔۔ کہ کیوں تھی تم اسنے دھمکایا۔۔۔ تو۔۔۔ عینہ "میرے کمرے میں

اسکی دھمکی میں کہاں آتی ایسا ممکن ہی نہیں تھی

--

ڈرتے --ڈرتے ---اسنے مووی دیکھی تھی

کبھی وہ آنکھیں میچ لیتی تو-زارا سے زور سے چٹکی کاٹ دیتا- تو اسے آنکھیں کھولنی پڑتی--

کبھی وہ زار کو ہی پکڑ لیتی

کبھی شرما کر--چہرہ جھکا لیتی--

تو کبھی-- کسی سین پر ہنس پڑتی پھر زار کے گھورنے پر ---ایکدم اپنی ہنسی روک لیتی--

اسے زار دنیا کا ظالم انسان لگ رہا تھا مووی ٹھیک سے دیکھی بھی نہیں تھی کہ--اسکا سر زار کے شانے پر لڑھک گیا--

وہ سو گئی تھی زار کا میٹر گھوما وہ کہاں کی ملکہ تھی یہ اسکی سزا تھی کوئی لطف اندوز پارٹی نہیں اسنے عینہ کو جھنجھوڑ دیا

عینہ نیندوں میں سرخ نظروں سے اسکا چہرہ دیکھنے لگی۔۔

زار۔۔بے ساختہ ضبط کھوتا اسکے چہرے پر جھکا تھا ۔۔عینہ کی نیند بھک سے اڑی وہ کچھ دیر میں اسکو تارے دیکھاتا دور ہوا۔۔۔

جاگتی رہو اب تم اگر تم سوئے تو۔۔یاد رکھنا۔۔۔

زار۔۔نے "تھپڑوں سے منہ سرخ کردوں گا آنکھیں بند کریں۔۔

عینہ نے اسکا شانہ ہلایا "زار مجھے ڈر لگے گا "زار نے آنکھیں کھول کر اسے بری طرح گھورا۔۔

وہ چپ ہو گئ۔۔ ”س۔۔ سوری

وہ تنگ آتا بولا “اب بولنا مت اور نہ سوری کہنا

عینہ نے اسکیطرف دیکھا۔۔۔

۔۔ ”جی۔۔ سوری اب نہیں بولو گی

زار نے آنکھیں کھولیں۔۔

عینہ ڈر گئ۔۔ ”س۔۔ سوری

اسنے منہ پر ہاتھ ”زار نے دانت پیسے۔۔ س۔ سوری

رکھ لیا زار نے جبکہ ایک لمبا سانس کھینچا اور ا

سکی گردن میں ہاتھ ڈال کر اسے کھینچ لیا۔۔

اور سر تک کمبل اوڑھ لیا۔۔۔

۔۔ ”یو میڈ میں کریزی

آواز ابھری تھی۔۔۔

عینہ کمرے سے نکلی اسے سخت نیند ارہی تھی۔۔

وہ اپنے روم کے دروازے پر تھی کہ۔۔عالیہ کی آواز پر چیخ پڑی۔۔

اور۔۔۔آنکھیں پھاڑ کر دیکھنے لگی۔۔

زارکا "کہاں سے ارہی ہو تم کیا حلیہ بنایا ہوا ہے کمرہ بلکل دوسری سمت میں تھا تو۔۔شک کا کوئی چانس تو نہیں تھا مگر وہ جواب طلبی کر رہی تھی

"م۔۔ما۔۔مما میں

انس شاہ کی آواز پر اسنے دوپٹہ ٹھیک "کیا ہوا ہے

کیا

اس لڑکی کو دیکھ رہی ہوں۔۔ آج اسکا رشتہ پکا کرنا ہے

ڈھنگ سے رہنا بھی نہیں آتا اسکو۔۔۔ جاؤ کمرے

عالیہ خود ہی غصہ کرتی بولیں تو۔۔۔ "میں

عینہ شرماتی کمرے میں بند ہو گئ۔۔۔

تیز تیز سانسیں لے رہی تھی۔۔۔

انس شاہ نے کہا "کیوں ڈانٹتی ہو اسکو

آپ نے دیکھا نہیں۔۔۔ کیسے گھر میں پھیر رہی

عالیہ خفا ہونے لگی " ہے

وہ کہتے انھیں لے گئے "کچھ نہیں ہوتا۔۔۔ چلو واک پر

زار۔۔ناشتے کی ٹیبل پر فریش سا آیا تھا وہاں حالات ویسے ہی تھے وہ چیئر کھینچ کر بیٹھ گیا جس سے افنین نے وعدہ لیا تھا وہ کم از کم ہی بولتا تھا آفس بھی جانے لگا تھا

ایک نظر اسنے یونیفارم میں نیند سے جھولتی ہوئی عینہ پر ڈالی۔۔اور کافی کا مگ اٹھالیا۔۔

افنین نے اسکے سامنے ناشتہ رکھا تو اسنے اپنی ماں کے ہاتھ چوم لیے

وہ بولا اور۔۔ افین مسکرا دیں انس شاہ بھی "تھنکیو

پرسکون دکھ رہے تھے کہ وہ بنا کسی ہنگامے کے آج بیٹھا

ہے۔

عالیہ غصہ کرنے لگی "عینہ کتنی نیند ا رہی ہے تمھیں

عینہ سٹپٹا کر سیدھی ہوئ۔۔

اسنے کہا اور پلیٹ پر جھک گئ "س۔۔ سوری مما

کسی کی سخت نظروں کا احساس ہوا تو زار پر سیدھا

نگاہ گئ وہ ضرورت سے زیادہ ہینڈسم لگ رہا تھا۔۔ اسی

کیطرف دیکھ رہا تھا کسی کا بھی لحاظ کیے بنا۔۔

عینہ نے نگاہ پھیر لی۔۔۔

زار بولا تو۔۔ انس "ڈیڈ مجھے دو منتھس کا ریکارڈ چاہیے پیچھلا

شاہ نے سر ہلایا۔۔

"وہ۔۔ میں نے کل فائلز بجھوائے تو تھی تمھیں

مگر اس فائلز میں ریکارڈ نہیں تھا۔۔ میں

مریم کو بھیجوں گا آپ فائلز اسے دے دیجیے گا مجھے

اسنے تفصیلی "سائیٹ پر جانا ہے۔۔ اسکے علاوہ

بتایا

زارکا۔۔۔ لہجہ اسکی بات کا انداز "او کے ٹیک کیئر

۔۔ اسکا رویہ عالیہ کو چبھ رہا تھا یعنی وہ باپ پر بھی

کیسے حکم چلا رہا تھا۔۔۔

کوئی نیچے ہونے والی بات نہیں تھی اور باپ کو تو دیکھو کیسے

مان رہا ہے اسکی

جبکہ عینہ تو اسکی آواز کے روعب میں آ گئی تھی۔

عالیہ نے پوچھا "واپسی کب ہے تمھاری

عینہ نے بتایا "دو بجے

نہیں پھر مت جاؤ آج۔۔اسفر اور ناہید آئیں گی

تو۔۔تم۔۔کالج سے اس حلیے میں آؤ گی اچھا نہیں لگتا

ٹیبل پر خاموشی تھی۔۔۔"

عالیہ بول رہی تھی زار کی نظروں میں الجھن تھی۔۔۔

جبکہ عینہ کو لگا اس کا دل کانوں میں دھڑک رہا ہے

رات وہ ساتھ تھے مگر وہ پھر بھی اسے اسفر کے

بارے میں نہیں بتا سکی تھی

مما۔۔۔ٹھیک کہہ رہی ہیں۔۔عینہ۔۔تم آج چھٹی کر لو

صدام بولا۔۔۔"کل چلی جانا

عینہ۔۔نے سر جھکا کر اثبات میں ہلا دیا

زار ناشتہ کر چکا تھا مگر اٹھا نہیں۔۔۔

چہرے پر سخت تاثر لیے بات کی تہہ جانا

چاہتا ہو جیسے۔۔۔

مگر۔۔اسکی فون کال بجنے لگی تھی تبھی اسے اٹھنا پڑا۔۔۔

عینہ نے اسکی پشت دیکھی تھی اسے۔۔۔کچھ بہت برا ہونے کا احساس ابھی سے ہو رہا تھا

عالیہ نے عینہ کو کالج جانے سے روک لیا تھا

۔۔۔زار۔۔آفس چلا گیا تھا۔۔جبکہ صدام بھی۔۔انس شاہ آج گھر پر تھے عینہ بے حد گھبرائی ہوئے تھی۔۔

وہ نہیں جانتی تھی زار اس بات کا کیا ری ایکشن لے گا

ایک طرف زار کی فکر تھی تو دوسری طرف نتاشہ کی کھوجتی ہوئی نظریں جیسے کچھ تلاش رہی ہوں

عینہ آج روم کا دروازہ بند کر ہی نہیں سکتی تھی کیونکہ عالیہ اور نتاشہ بار بار آجا رہیں تھیں گھر میں زبردست کھانے کا اہتمام ہو رہا تھا

انس شاہ کو درحقیقت عالیہ نے روکا تھا کہ وہ گھر پر رکے کہیں پیچھے زار آکر اسکی بے عزتی نہ کرے مہمانوں کے سامنے۔۔۔

انس شاہ نے اسکی بات کی نفی بھی کی مگر عالیہ کے ایک نہ سننے پر انھیں اسکی بات چار نچار ماننی ہی پڑی۔۔۔

عالیہ البتہ آج بہت خوش تھی۔۔۔

اسنے عینہ کو۔۔۔ نیا جوڑا دیا اور اسے تیار ہونے کے لیے کہا۔۔ جبکہ نتاشہ کو اسکی مدد کا کہا۔۔۔

اور خود کچن میں اگئیں دیکھنے کے لیے جو چیزیں انھوں

نے کہیں تھیں۔۔وہ بن بھی رہیں ہیں یہ نہیں۔۔۔۔

مگر جیسے ہی وہ کچن میں آئی تو سکینہ عجلت میں۔۔۔

کچھ اور بنا رہی تھی جب کہ انکا سارا سامان

ایکطرف پڑا تھا

کیا کر رہی ہو سکینہ۔۔۔ تھوڑی ہی دیر میں مہمان ا

وہ زرا غصے ”جائیں گے تم نے کھانا تیار نہیں کیا ابھی

میں بولیں۔۔

چھوٹی بیگم صاحبہ زار صاحب کی طبعیت

خراب ہو گئ ہے انھوں نے فون کر کے۔۔۔مجھے سوپ

بنانے کا کہا ہے۔۔ ابھی ملازم لینے آ رہا ہے میں بنا

دوں پھر آپ کا کام کر دوں گی“

سکینہ ۔۔۔ سوپ میں سامان ڈالتے ہوئے بولی ۔۔۔ تو عالیہ کا بس نہیں چلا اس منحوس زار کے ہی ٹکڑے کر دے ۔۔۔

وہ کافی نفرت سے بولیں تھیں "کیا ہوا ہے اسے

سکینہ نے اسکی شکل دیکھی ۔۔۔

شاید ۔۔ انھیں بخار یہ زکام ہوا ہے ۔۔ انکی آواز بھی بہت خراب لگ رہی تھی جی لیکن جو بھی ہوا ہے غلط ہی ہوا ہے مطلب اگر وہ بیمار ہو جائیں تو سارا گھر سر پر اٹھا لیتے ہیں ۔۔۔ بڑے صاحب اور بڑی بیگم صاحب بھی پریشان ہو جاتی ہیں ۔۔ جی ہم تو دعا سکینہ کے تو " کرتے ہیں کہ وہ بیمار ہی نہ ہوں ۔۔۔۔

طوطے ایسے آڑے ہوئے تھے جیسے زار بیمار نہ ہو گیا ۔۔ پرائم منیسٹر بیمار ہوا ہو ۔

وہ بولی "اچھا تم۔۔۔ سبزیاں کاٹو میں چمچ چلا لیتی ہوں

تو سکینہ نے چمچ پر گرفت تنگ کرلی

نہیں میں کرلیتی ہو۔۔ آپ بس تھوڑی دیر انتظار

وہ بولی اور فریزر میں سے انڈے لینے کے لیے "کرلیں

مڑی

عالیہ کو اسکی یہ حرکت بہت بری لگی تھی

۔۔

اول تو اسکا ایسا کوئی ارادہ نہیں تھا مگر سکینہ کی

حرکت نے۔۔ اسے تپ چڑھا دی تھی تبھی

اسکے مڑتے ہی اسنے۔۔ مرچوں کا ڈبہ اٹھایا اور

۔۔ زار کے چائنیز ویجیٹیبل سوپ میں اسنے

مرچیں الٹ دیں۔۔۔

اور جلدی سے پیچھے ہٹ گئی

وہ بولی اور ہاتھ جھاڑ کر "جلدی بنا کر باقی کام شروع کرو

مسکراتی ہوئی چلی گئی۔۔۔

جبکہ سکینہ نے سر ہلا کر

۔۔جلدی جلدی اپنا کام مکمل کیا تھا کچھ دیر میں

ملازم آگیا تو۔۔ سکینہ نے سکون کا سانس لیا اور

ملازم کو۔۔باول پکڑا کر۔۔وہ اپنے کام پر چلی گئی۔۔

عالیہ کھڑی ہوئی اس ڈبے کو جاتے ہوئے دیکھ

رہی تھی۔۔

تبھی وہاں افین آگئی۔۔وہ نماز پڑھ کر آئی تھی۔۔۔

اسنے پوچھا "تم نے زار کا سوپ بھیج دیا سکینہ

"جی بڑی بیگم صاحبہ ابھی بھیجا ہے

سکینہ نے بتایا۔۔

وہ اندر کچن میں آئی۔۔ عالیہ کو "کیا بنایا ہے

سکینہ کا اسے بڑی اور اسے چھوٹی کہنا۔۔ بھی بلکل پسند

نہیں آیا۔۔ تبھی وہ زرا۔۔۔ غصے سے سکینہ کو دیکھنے لگی۔۔

جی ویسا ہی جیسا آپ نے بتایا ہوا ہے مرچیں تو

سکینہ "ڈالی ہی نہیں نمک بھی بہت تھوڑا ڈالا ہے۔۔

کے بولنے پر۔۔ اسنے۔۔ سر ہلایا۔۔

اور۔۔۔ عالیہ کی طرف دیکھا۔۔

افشین نے ویسے ہی سوال کرلیا۔۔۔ "کوئی ارہا ہے آج

ہاں میری بیٹی کے سسرال والے آرہے ہیں رشتہ

وہ زرا اترا "فائنل ہی ہے بس منگنی کی تاریخ طے ہو گی

کر فخر سے بولی۔۔

افشین نے مسکرا کر کہا۔۔۔ "اچھا اچھا ماشاء اللہ

افین۔۔۔ "سکینہ۔۔۔ تمھاری بہن نہیں آئی آج کام پر سکینہ سے پھر سے بولی۔۔۔

عالیہ اسکیطرف دیکھ رہی تھی وہ عام سی شکل و صورت کی عورت تھی۔۔ ہر وقت نماز کے سٹائل میں دوپٹہ اوڑھے رکھتی تھی نہ جانے اسکے بیٹے کو کیوں لگتا تھا یہ عورت انس شاہ کے مقابلے کی ہے۔۔۔۔

اور۔۔ گھر کی مالکن کیطرح۔۔ وہ۔۔ سکینہ سے سوال جواب کر رہی تھی جبکہ عالیہ نے تو خود کبھی یہ سوال نہیں کیے تھے یہ گھر اسکا بھی تھا اسے بھی ۔۔۔۔اس گھر پر توجہ دینی چاہیے تھی جس سے یہ واضح ہوتا کے۔ اس گھر پر اختیارات عالیہ کے ہیں چلو کسی اور پر نہیں زار پر تو ہوتا۔۔۔

مگر فلحال وہ خاموش رہی۔۔۔

سکینہ "جی باجی۔۔اسنے آج بازار جانا تھا تو چھوٹی کر لی

شرمندگی سے بولی

پھر کوئی فائدہ نہیں ہے سکینہ جب گھر کے کام

پورے نہ ہوں۔۔۔چند روز میری طبعیت خراب

کیا ہوئی

تم لوگوں نے گھر کو جنگل بنا دیا۔۔

اپنے بیٹے سے کہو اسکو بلائے اور گھر کی ٹھیک سے صفائی

وہ زرا سختی سے بولی سکینہ۔۔کام چھوڑ کر ایاز کو "کرے آ کر۔۔۔

کہنے چلی گئی۔۔

افنین جب کے۔۔ایک نگاہ عالیہ پر ڈال کر باہر آ

گئیں۔۔۔

عالیہ "شکل و صورت ہے نہیں مالکن بن رہی ہے

نے دل میں سوچا تھا۔۔۔

اور سر جھٹک کر افنین کے نکلتے ہی سکینہ پر چڑھ

دوڑی

یہ کیا تم ہر کسی کے کہنے پر کام چھوڑ دیتی ہو کس زبان میں سمجھاؤ مہمان آنے والے ہیں اب مجھے کھانا پورا کیے بنا یہاں سے باہر نکلتی نظر نہ آنا گھر وہ غصے "میں اور بھی ملازم ہیں وہ کر لیں گے یہ سب سے کہہ کر چلی گئ

باہر افنین نے ملازموں کو بلا کر صوفے کے کور بدلوائے۔۔ تو عالیہ کو احساس ہوا۔۔ یہ اسکے کام تھے کرنے کے۔۔

وہ گھر کی انس شاہ کے دل کی مالک تھی اس وقت افنین سے سخت جلن محسوس ہو رہی تھی۔۔ اسے۔۔۔

انس شاہ بھی [illegible] ہو کر باہر آ گئے

اچھا کیا یہ کور چینج کرا دیے تم نے۔۔ عجیب فیلینگز ا

رہیں تھیں انھیں دیکھ کر کتنے دنوں سے یہ ہی چڑھے

انس شاہ۔۔ صوفے پر بیٹھتے ہوئے۔۔ "ہوئے تھے

ایک سرد سانس کھینچتے بولے عالیہ کا دل جل

کر بھسم ہو گیا۔۔۔

کیونکہ۔۔۔ افنین سے انس شاہ۔۔ کس طرح

نارمل ہو کر بات کر رہے تھے۔۔

آپ نے ملازم کو کچن کا سامان پورا کرنے کا کہا نہیں

اب تک۔۔۔ اگلا مہینہ لگنے کو ہے۔۔ پھر بعد

میں تنگی ہو گی۔۔ سکینہ نے لسٹ بنا دی ہو گی"

افنین۔۔۔ بولی۔۔

اوہ ہاں۔۔۔ سوری میں بھول گیا۔۔۔ تمھاری طبعیت

ٹھیک ہو گئ ہے جو گھر کے کام۔۔ دیکھ رہی ہو پھر وہ تمھارا

شاہ کچھ یاد آنے پر بولے عالیہ کو انکے بیچ اپنا آپ

۔۔بے حد بے کار لگ رہا تھا۔۔۔۔

جیسے وہ دونوں۔۔ہی گھر کے اہم معملات کو جانتے ہوں

اور بول رہے ہوں جبکہ وہ۔ تو بس غیر ضروری شخص ہے

۔۔۔

افنین نے نگاہ اٹھا کر اسکیطرف دیکھا بولی کچھ نہیں

۔۔۔۔

لون بھی خراب ہو رہا ہے۔۔۔مالی۔۔ چار دن سے

چھٹی پر ہے۔۔ آپ نے توجہ نہیں دی پھر آپکے

پلانٹس خراب ہوں گے تو آپ مجھ پر چیخیں گے۔۔

وہ فوراً اسکی بات "کے تمھاری توجہ گھر پر نہیں ہے

اسے لوٹا گئی تو۔۔۔انس شاہ کے چہرے پر نا جانے

کیوں بے ساختہ مسکراہٹ اگئی۔۔۔

وہ بنا کچھ کہے اسکی بات مانتے ہوئے مالی کو فون کر رہے

تھے۔۔۔

افنین۔۔ باہر چلی گئ تو انکی نگاہ دور کھڑی عالیہ پر گئ

۔۔ ہاتھ سے انھوں نے اسے اپنے پاس بیٹھنے کا کہا۔۔۔

عالیہ انکے پاس بیٹھ گئیں۔۔۔

کیا ہوا سارے انتظامات پورے ہیں تم نے چیک کر

انس شاہ نے سیل فون آف کرتے ہوئے۔۔ "لیا

سوال کیا۔۔۔

عالیہ نے چہرے پر" انس ایک بات پوچھوں

معصومیت طاری کی۔۔۔

انس شاہ مسکرا کر سر ہلا گئے۔۔

"انس بس مجھے عجیب سا لگتا ہے

وہ سمجھے نہیں "کیا

آپ افنین سے۔۔ایسے بات کررہے تھے جیسے وہ گھر

کی بڑی ہے اور سارے۔۔اہم کام گھر کے اسنے

سنبھالے ہوئے ہیں اور چند روز وہ بیمار ہوئی تو گھر

اجاڑ ہو گیا۔۔۔

توکیا میں نے آپکا گھر صاف نہیں رکھا آپکی

عالیہ بولی تو انس شاہ کا بے "مرضی سے

ساختہ قہقہہ ابھرا

یہ عمر نہیں عالیہ کے تم جلو افنین سے وہ

وہ۔۔ہولے تو عالیہ نے منہ بنالیا۔۔ "بھی

دیکھو وہ شروع سے یہ سب کرتی آئی ہے اور گھر کو

سنبھالتی ہے۔۔۔ تو تبھی بس۔۔ میں نے اس سے

یہ باتیں کیں ہیں اس میں وہ باتیں نہ شاید اسکے

دماغ میں ہو گئیں جو تم نے سوچیں نہ میرے

دماغ میں ہیں"

انس شاہ شانے اچکا گئے

عالیہ نے خفگی سے "ہاں اسکی حمایت کرلیں

کہا تو انس شاہ پھر سے ہنس دیے

نہیں کرتا اوکے۔۔۔اب جاو سارے کام دیکھو۔۔

وہ نرمی سے بولے تو عالیہ "کوئی کمی نہ رہ جائے

مسکرا کر اٹھ گئ

محبت تو انس شاہ کو عالیہ سے ہی تھی۔۔اور

عالیہ کے علاوہ وہ کسی سے کر بھی نہیں سکتے تھے۔۔۔

زار گھر لوٹا تھا۔۔۔اسکی آنکھیں سرخ ہو رہیں

تھیں ناک بھی سرخ ہو رہا تھا۔۔فلو کی وجہ سے

۔۔۔جبکہ چہرہ بیمار ہونے کی وجہ سے اور بھی کہیں

گناہ ہینڈسم اور حسین لگ رہا تھا کہ شرٹ

کے بازو اوپر فولڈ کیے۔۔۔ کوٹ ہاتھ پر ڈالے۔۔۔۔ اسکے

بگڑے ہوئے تیور کچھ اچھا پتہ نہیں دے رہے تھے۔۔۔

وہ سیدھا۔۔۔۔ کمرے میں چلا گیا۔۔۔۔

عالیہ نے ہی اسے سب سے پہلے دیکھا تھا

انھوں نے سوچا مہمان "یہ مصیبت گھر کیوں اگئ

بس آنے کو تھے عالیہ تیار تھی۔۔ انس شاہ نے

بھی اسے روم میں جاتے ہوئے دیکھا۔۔

پھر ٹائم دیکھا یہ اتنی جلدی کیوں آیا ہے وہ پر سوچ ہوئے

۔۔۔ تبھی۔۔۔۔ صدام بھی عجلت میں داخل ہوا۔

مما وہ اگئے ہیں آپ ریسیو کریں میں فریش ہو کر

اسنے کہا تو عالیہ نے سر ہلایا۔۔۔ "آتا ہوں

عالیہ باہر نکلی ناہید اور اسفر گاڑی سے اتر رہے تھے۔۔

اسفر ایک قدرے بڑی عمر کا لڑکا تھا۔۔۔عینہ سے تو کافی بڑی عمر کا تھا۔۔۔

چہرے پر بلا کی سنجیدگی۔۔۔اور۔۔۔سوبرپن تھا۔۔۔کے شاید مشکل سے ہی وہ ہنستا ہو گا۔۔۔

انس شاہ کو وہ صدام جتنا لگا تھا۔۔جبکہ ناہید البتہ کافی پرجوش انداز میں ملی تھی اسفر انس شاہ سے ملا ۔۔اور وہ لوگ مٹھائیوں کے ٹوکرے لیے اندر آ گئے۔۔۔

سب لاونج میں بیٹھے

ناہید "بہت خوبصورت ہے عالیہ تمھارا گھر تو مسکرا کر بولی تو عالیہ بھی مسکرا دی

اسفر اور ناہید بیٹھ گئے اور انکے بیٹھتے ہی سکینہ نے انھیں جوس سرو کیا۔۔

جبکہ دوسری طرف انس شاہ عالیہ بھی

بیٹھ گئے۔۔۔

کچھ ہی دیر میں صدام بھی اگیا۔۔

صدام اسفر سے باتیں کر رہا تھا اسفر۔۔ایک
کمپنی میں منیجر کی پوسٹ پر تھا تنخواہ اچھی تھی

۔۔اسکی جبکہ وہ بے حد سنجیدہ انسان لگ رہا تھا

کھ دیر وہ بیزنیس کی اور ناہید اور عالیہ اپنی باتیں

کرتے رہے

ناہید نے خود ہی کہا۔۔ ”ارے عینہ کو تو بلاؤ

تو عالیہ مسکرائ

انھوں نے پکارہ “ہاں نتاشہ

نتاشہ کی آواز آئ۔۔ ”آئ مما

سیاہ اور سرخ کمبینیشن کے لباس میں۔۔۔

سفید۔۔ ملائی جیسی رنگت لیے چہرہ۔۔ جس پر کچھ

خوف کے آثار بھی تھے۔۔۔ جبکہ ہاتھ الگ کانپ

رہے تھے نظریں جھکائے۔۔ ہلکی گلابی لپسٹک سے لبوں کو رنگے

وہ چائے لے کر آئی اسفر اسکے بے شمار اور کم عمر

حسن کو دیکھتا رہ گیا۔۔

جبکہ۔۔۔ دوسری طرف انس شاہ نہ

جانے اسفر کی نگاہوں سے کیوں۔۔۔ عجیب محسوس

کر رہے تھے جیسے یہ نگاہیں عینہ پر اچھی نیت سے نہیں پڑ

رہیں

وہ خود اٹھے اور عینہ کو اپنے برابر بیٹھا لیا

عینہ نے انس شاہ کا ہاتھ تھام لیا۔

عالیہ اور صدام مسکرائے تھے۔۔ انس شاہ۔۔ کا

تھا تو اسکی طرف بھی مگر عینہ پر زیادہ تھا۔۔

عینہ نے سلام کیا چاپائے سرو کی اب وہ انس شاہ کے بلکل ساتھ بیٹھی تھی جیسے اسے اپنی ماں اور بھائی سے زیادہ یہاں حفاظت ملے گی۔۔

ناہید نے عینہ کو پیار کیا پانچ ہزار کا نوٹ اسکے ہاتھ میں تھما دیا۔۔

عینہ پلکیں جھکائے بیٹھی تھی۔۔۔

بھئی مجھے تو عینہ بے حد پسند ہے بس منگنی کی تاریخ دو عینہ کے ہاتھ میں انگوٹھی پہنا کر اسے اپنا کر لیں گے ہم" ناہید بولی تو سب مسکرا دیے۔۔۔

اسفر اب بھی عینہ کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

۔عالیہ "ہاں کیوں نہیں۔۔پہلے کچھ کھا لیتے ہیں بولیں سکینہ سے ٹیبل تیار کرنے کو کہا

نتاشہ ”تمھاری بہو کے کوئی اولاد نہیں ہوئی اب تک

کیطرف دیکھ کر ناہید بولیں تو عالیہ چپ ہو گئیں

جبکہ نتاشہ نے بے چینی سے پہلو بدلا

ہو جائے گی جب اللہ نے چاہا تو کیونکہ اولاد کا اختیار تو

صدام بیچ میں بولا۔۔۔ ”اللہ کے ہاتھ میں ہے نہ

مگر بیٹا اولاد پھر بھی ضروری ہے تم چیک کراو اپنی بیوی کا

ناہید نے کہا تو صدام نے سر ہلا دیا “

وہ مزید کیا بتاتا۔۔۔

کچھ دیر میں کھانا لگ گیا نتاشہ کو وہ عورت

سخت زہر لگ رہی تھی اب۔۔

تبھی اس سے وہ بولے بنا ہی ٹیبل پر آ گئی۔۔

جبکہ دوسری طرف ۔۔۔ عالیہ نے ناہید کو
کہا ۔۔

وہ سب ٹیبل پر بیٹھے

عینہ بھی تھی ساتھ ۔۔

عینہ سے کچھ کھایا نہیں جا رہا تھا ۔۔۔ اسفر کی
نظریں ۔۔۔ جیسے بے چین کر رہیں تھیں اسفر
عین اسکے سامنے بیٹھا تھا ۔۔۔۔

میرا اسفر تو بہت سلجھا ہوا اور ۔۔۔ عورت کی
عزت کرنے والا انسان ہے عالیہ تم جانتی تو ہو
۔۔۔ بس آنکھیں بند کر کے میرے بیٹے کے ہاتھ
ناہید بولی تو ۔۔ عالیہ نے "میں اپنی بیٹی کا ہاتھ دے دو
مسکرا کر سر ہلایا انس شاہ خاموش بیٹھے تھے ۔۔

ویسے تو عینہ عالیہ کی بیٹی تھی انکا کوئی حق نہیں تھا یہ پھر جتنا وہ دیتی مگر اسفر انھیں پسند نہیں ایا تھا ریزن کوئی نہیں تھی۔ نہ ایسا تھا کہ وہ اسکے بارے میں جانتے ہوں مگر۔۔ انکو اسفر پھر بھی اچھا نہیں لگا تھا۔۔

وہ چپ چاپ کھانا کھاتے رہے تھے۔

ٹیبل پر۔۔ باتیں ہو رہیں تھیں اور ان باتوں کے بیچ۔۔ چمچ اور پلیٹوں کی ہلکی ہلکی آواز بھی شامل تھی۔۔

ویسے انس بھائی۔۔۔ آپ کی پرانی بیوی اور۔ بیٹا نظر ناہید نے زرا عجیب سا ہنس کر کہا "نہیں آرہے

۔۔۔

انس نے انکی طرف دیکھا۔۔۔

میری بیوی کا نام افنین ہے۔۔۔اور بیٹا زار انس شاہ

بلاوجہ انکی۔۔ناپسندیدگی سی۔ناہید اور انکے بیٹے "

کیطرف چل پڑی تھی تبھی وہ ٹکا سا جواب دے گئے

ناہید نے عالیہ کو دیکھا۔۔۔

عالیہ کے چہرے پر بلا کی سنجیدگی تھی

ناہید اب زرا سنجیدہ ہو گئ۔۔ "جی انھیں کا پوچھ رہیں ہوں

زار روم میں ہے اور افنین۔۔۔شاید۔۔۔ سکینہ کی بہن

انس "کے پاس گئ ہے اسکی طبعیت ٹھیک نہیں تھی

شاہ بتاگئے۔۔

ناہید نے جواب دیا اور خاموش ہو گئ "اچھا

یہ جتاتا لہجہ عالیہ کے نوالے اٹکا گیا تھا جیسے

۔۔انھوں نے اپنی بیوی اور بیٹے کا ذکر کیا۔۔۔

ناہید عالیہ کے ایکسپریشن نوٹ کر رہی تھی۔

ماحول میں خاموشی تھی۔۔۔

اچانک ہی زار کے روم کا دروازہ کھولا۔۔ وہ آدھا کمرے میں آدھا باہر کھڑا تھا اپنے سرخ نظروں سے ٹیبل پر مہمانوں کو دیکھا۔۔۔ دماغ اسوقت ماؤف ہو چکا تھا۔۔

درحقیقت بچپن سے ہی اسے سپائیسیز سے الرجی تھی۔۔۔ اگر ایک لقمہ بھی وہ لے لیتا۔۔ اسکا سر بھاری ہو جاتا تھا۔۔۔ اور۔۔۔ چہرے پر سرخ نشان پڑ جاتے تھے۔۔ اور آج آفس جا کر نا جانے کیوں اسے فیور الگ چڑھ گیا تھا۔۔ وہ ساری چیزیں مل کر زار کا دماغ خراب کر چکیں تھیں۔۔۔

اسکے چہرے پر وہ سرخ نشان بھی خوب جچ رہے تھے بال بکھرے ہوئے تھے جبکہ وہ ٹی شرٹ اور ٹراؤزر میں تھا۔۔۔ اپنے سرخ آنکھوں کو۔۔ دیوار کے

پاس لگے کیبنیٹ کیطرف موڑا اور۔۔۔ وہاں لگا ڈیکوریشن کا

سامان واس اور دوسری قیمتی چیزیں اٹھا کر

۔۔ پھینکنا شروع کر دیں۔۔ وہ ساری چیزیں۔۔۔ باہر

لون کیطرف جاتے دروازے میں۔۔ جا کر پڑی

زمین میں چکنا چور ہو جاتی۔۔۔

ٹیبل پر موجود سب مہمان ایکدم کھڑے ہو گئے

انس شاہ کی نگاہ زار پر گئ اسنے ایک ہاتھ سے سر

تھاما ہوا تھا جبکہ۔۔۔

وہ ایکدم دھاڑا

جیسے چھوٹے بچے کو ماں نہ ملی تو وہ۔۔۔ سب تباہ ”مما

کر دے گا۔۔۔

وہ پھر چیخا ”مما

انس شاہ۔۔۔ ایکدم سب چھوڑ کر اسکیطرف دوڑے

بے ساختہ عینہ بھی یہ حالات دیکھ کر چیئر سے اٹھی اور باہر کیطرف نکل گئ اور اچانک نتاشہ کی نظروں نے اسکے قدموں کو بریک لگادی وہ۔۔اسے عجیب نظروں سے دیکھ رہی تھی عینہ۔۔وہیں رک گئ چیئر کو زور سے تھام لیا وہ نہیں جانتی تھی زار یہاں موجود ہے۔۔۔

اور زار کو کیا ہوا ہے اسے تو کچھ بھی نہیں پتہ تھا۔۔۔

دوسری طرف انس شاہ نے بیٹے کا چہرہ دیکھا ۔۔انھیں کہانی سمجھ ارہی تھی

انھوں نے بچوں کیطرح زار کا چہرہ اپنے دونوں ہاتھوں "زار میں تھام لیا۔۔۔

ٹھیک ہے میرے پاس تو تمھارا حل ہے۔۔اسفر ہی روز تمھیں لے گا اور چھوڑے گا بس یہ طے ہے اور میں مزید تمھاری کوئ بھی بکواس نہیں سنو گی۔۔۔ تمھاری آج کی کی گئ غلطی نے مجھے۔۔اسکے احسان تلے دبا دیا۔۔

وہ بدتمیز کس دھڑلے سے تمھاری ماں کو بدکردار کہتا ہے۔۔اپنی ماں کی حیثیت منوا نہیں سکا۔اور مجھے باتیں سنوارا ہے ان دونوں ماں بیٹے کو میں اس گھر سے نکلوا کر دم لوں گی جتنی بار یہ بدکردار مجھے کہتا ہے میرے اتنی بار تیزاب کیطرح مجھے لگتا ہے اور تم تم میری بیٹی ہو کر اس سے مدد لی تم نے تف ہے تم پر بس آج کے

وہ فیصلہ "بعد اسفر کے ساتھ باہر اندر او جاؤ گی

سناتی جانے لگی ہی تھی کہ کچھ یاد کرتے رہی

مجھے اسفر نے بتایا تھا کہ اسنے تمھیں موبائل گفٹ

وہ پوچھنے لگی "کیا ہے کہاں گیا ہے موبائل۔۔

وہ مدھم آواز میں بولی۔۔۔ "وہ تو بیگ میں ہے

عالیہ زچ "تو وہ موبائل عینہ استعمال کرنے کے لیے تھا

ہو گئ۔۔

عینہ کی آنکھیں بھیگ گئیں۔۔۔ "سوری مما

عالیہ نفی میں سر ہلا کر چلی گئ۔۔۔

جبکہ عینہ نے جلدی سے دروازہ بند کر لیا۔۔۔

آج اسے بہت تھکاوٹ ہو گئ تھی۔۔۔ ایسا لگ رہا تھا

وہ۔۔ اسطرح۔۔ تھک جائے گی بہت زیادہ تھک

جائے گی وہ اس طرح نہیں چل اپئے گی زار کے ساتھ

وہ آج خود سے ہی شرمندہ ہو رہی تھی جو بات وہ اسے

بتانے گئ تھی وہ بات اس نے سنی نہیں تھی اور۔۔۔

شرم دبی سے سر جھکاتی۔۔۔ فریش ہونے چلی گئ

صدام عینہ سے مل کر ابھی ابھی روم میں آیا تھا اس نے

کہا تھا کہ وہ اسے خود کالج چھوڑے گا اور پیک کرے گا

۔۔مگر عالیہ نے صاف منع کر دی کہ وہ اس فر

کے ساتھ ہی آیئے گی صدام نے اس بات کی

مخالفت کی مگر عالیہ نے ایک لفظ نہیں سنا

تو۔۔صدام نے عینہ کیطرف دیکھا۔۔

وہ چپ چاپ بیٹھی تھی سر جھکا کر

۔۔

صدام کو لگا وہ اپنے "اگر عینہ کمفرٹیبل ہے تو اُس او کے

فیونس کے ساتھ وقت شاید گزارنا چاہتی ہو کیونکہ

اگر وہ مخالفت کرتی اس بات کی تو وہ بولتی ضرور تبھی وہ

چپ ہو گیا۔۔

صدما اپنے روم میں۔ آگیا نتاشہ فریش ہو کر

سونے کے لیے لیٹ رہی تھی

صدام نے "حبا کچھ زیادہ جلدی نیند نہیں ارہی تمھیں

اسکیطرف دیکھا۔۔

نتاشہ عاجز آئ وہ اسکی اس بات کا مطلب اب باخوبی سمجھ رہی تھی کہ اسکا کیا موڈ ہے۔۔

صدام پلیز میں آج مما کے گھر گئ تھی انھوں نے ہی مجھے اپنی باتوں سے اتنا عاجز کر دیا ہے کہ میرا بلکل موڈ نہیں ہے تمھیں ٹائم دینے کا اور سب سے اہم بات یہ ہے کہ تمھاری بہن نے جو ڈرامہ رچایا ہے اس سے میں بہت تھک چکیں ہوں۔۔

اسنے کہا تو۔۔۔صدام بس چپ چاپ اسے دیکھنے لگا

۔

صدام "تم یہ بات مجھے پیچھے ڈیڑ ماہ سے کہہ رہی ہو سنجیدگی سے بولا۔۔

ہنی پلیز تھوڑا اسے تو کو پر یٹ کر لو۔۔ میں بہت

نتاشہ نے کہا تو صدام نے سر ”تھکی ہوئی ہوں۔یار

ہلا دیا وہ مزید کچھ نہیں بولا اور۔۔۔نتاشہ اپنی طرف

سے لائٹس آف کر کر لیٹ گئی اور۔۔۔ صدام۔۔جو کسی

اور موڈ میں تھا اسنے۔۔۔ سیگریٹ نکالی اور لون

میں۔اگیا۔۔

وقت گزرنے کے ساتھ۔۔نتاشہ کے بیہیو سے وہ چیڑ

رہا تھا۔۔ مگر۔۔ان دونوں کی محبت کی شادی تھی۔۔

نتاشہ۔۔۔جبکہ۔۔اسکے فرائض سے پیچھے ہٹ رہی

تھی۔۔

وہ چپ چاپ کمرے سے نکل کر باہر اگیا۔۔اور

اسنے سیگریٹ الفاظ اور پون میں بینچ پر بیٹھ گیا

۔۔

آج تیز ہوا چل رہی تھی۔۔ اور تیز خوشگوار ہوا نے اسکے۔۔ موڈ کو۔۔ کچھ بہتر کیا تھا۔۔۔

اسکی کمپنی اسکی توجہ کی وجہ سے اچھی چل رہی تھی۔۔ ہاں زار اور انس شاہ جیسا نام نہیں تھا وہ دونوں سمندر میں تیر رہے تھے جبکہ وہ ایک چھوٹے سے تالاب میں تھا مگر وہ خوش تھا وہیں۔

کم از کم وہ کسی اور کا نہیں کھا رہا تھا اپنے بازوں پر چل رہا تھا

اسنے انس شاہ سے اکثر گھر لوٹنے کی بات کی تھی مگر انس نے اسے منع کیا

اور اسے اسکی ماں کے ساتھ رہنے پر کہا مگر وہ جلد یہاں سے جانے کا وعدہ کر چکا تھا خود سے۔۔

ابھی کچھ دیر ہی ہوئی تھی اسے۔۔ کہ اسے کوئی اندر سے بھاگ کر باہر آتا محسوس ہوا۔۔

وہ زار تھا۔۔ نہ جانے اتنا مسکرا کس لیے رہا تھا ۔۔۔

اسنے بلیک ٹی شرٹ اور بلیک ہی ٹراؤزر ڈالا ہوا تھا اور۔۔ سفید رنگت میں وہ وہ بلیک ۔۔ڈریسنگ اسکو کمال دیکھا رہی تھی اسکے لون میں اتے ہی گارڈز نے اسکے ڈاگز کھول دیے وہ ڈاگز اسکے پاس دوڑ کر آئے اور زار کو پیار کرنے لگے اپنے انداز میں وہ بھی اپنے کتوں کو پیار کر رہا تھا یہ منظر اوپر کھڑکی سے بھی کوئی دیکھ رہا تھا اور۔۔ ایکدم ایک شیطانی مسکان اس کے لبوں پر آئ اور وہ اندر چلی گئ جبکہ صدام مسکراتے کرتے ہوئے اسے ہی دیکھ رہا تھا۔۔

اسنے نوٹ کیا زار کے لبوں میں بھی سیگریٹ کا شعلہ تھا۔

وہ ان کتوں کو بہت پیار کر رہا تھا۔۔ اور اچانک اسکی نگاہ صدام پر گئ تو چہرے پر سنجیدگی چھا گئ ۔۔ اسنے۔۔ اپنے کتوں کو وہیں چھوڑا اور۔۔۔

اور اندر جانے لگا

یہ تمھارا گھر ہے میری وجہ سے جانے کی صدام ہلکی سی آواز میں بولا۔۔۔ "ضرورت نہیں جبکہ لہجہ نارمل تھا۔۔۔

زار کے لبوں پر طنزیہ مسکان ٹھر گئ۔۔۔

زار کسی سے ڈرتا نہیں۔۔۔ تو یہ سوچنے کی ضرورت نہیں ہے کہ میں یہاں سے اس لیے جا رہا ہوں مجھے تمھاری موجودگی تمھاری ماں کی موجودگی اپنے گھر میں

برداشت نہیں جہاں تم لوگ ہو گے وہاں سے میرا

زار نے سر جھٹک کر کہا ”چلے جانا ہی بہتر ہے

میں تمھاری فیلنگز کر سمجھتا ہوں مگر تمھیں اپنے باپ

کی خوشی کا خیال رکھنا چاہیے“

اوہ رئیلی مطلب میں تمھاری طرح بے ضمیر اور

بے غیرت ہو جاؤں۔۔ مسٹر صدام میری ماں

ماری نہیں ہے۔۔ زندہ ہے اور عورتوں میں تو اتنی وفا

ہوتی ہے مرد پسند کا نہ بھی ہو وہ اسکے ساتھ

کمپرومائز کر کے اسکے ساتھ زندگی گزارتی ہیں۔۔ اسکے

کرنے کے بعد اسکی بیوی کھلانا پسند کرتی ہیں۔۔ مگر

”شاید تمھارا دل ان سب جزبوں سے ناواقف ہے

اسنے جی کی بھڑاس۔۔ نکالی اور۔۔ جانے لگا

تمھاری ماں نے خود اجازت دی تھی تمھارے باپ کو میری ماں نہیں اٹھ کر آئی تھی کہ انس شاہ چلو شادی رچاتے ہیں جوتیاں انس شاہ نے گھسائی ہیں میری ماں کے دروازے کی۔۔۔ سمجھے تم جو منہ کھول کر کچھ بھی بول دیتے وہ۔۔

تمھارے باپ کا قصور ہے اسے اپنی بیوی سے مسلہ تھا میری ماں میرے ساتھ اور میری بہن کے ساتھ رہ رہی تھی پھر تو واقعی تمھاری ماں میں کوئی کمی

ایکدم وہ اسکا گریبان جکڑ گیا۔۔ "چپ بلکل چپ۔۔ میری ماں ایک پاک۔۔۔ شریف باحیا۔۔ عزتدار خاندان کی عورت ہے جس نے۔۔۔ اپنے شوہر کو اجازت دے دی مگر کمروں میں بند ہو کر اسے روتے ہوئے میں نے

آج اکرا اس دروازے کی چوکھٹ پر اپنی جوتیاں توڑ بھی

دے تب بھی۔۔ میری ماں سے شادی نہیں کرے گی

کیونکہ۔۔ وہ جانتی ہے عزت کیا ہے۔ اور وہ چیز

”میں ہے۔۔۔

صدام مسکرا دیا۔۔ جبکہ زارا کے بس ”رئیلی۔

نہیں چلا اسکا منہ توڑ دے۔۔۔

میں تمھیں غلط نہیں کہہ رہا مگر تمھیں اپنے منہ

پر لگام ڈالنا ضروری ہے کیونکہ وہ عورت میری ماں ہے

۔اور میں ماں کے خلاف کچھ نہیں سنو۔گا تو خیال سے

اسنے اسکے آشنا تھپتھپایا جبکہ۔۔ زار ”بات کیا کرو

نے اسکا ہاتھ جھٹک دیا

تمھاری ماں کو۔۔۔ یہ چند دنوں میں اس گھر سے

وہ ”باہر نہ نکلوا دیا۔۔ تو نام زار انس شاہ سے بدل دینا

سخت لہجے میں بولا۔۔۔

صدام اسے غصے سے دیکھنے لگا جس تحزیق سے وہ تمھاری ماں تمھاری ماں کہہ رہا تھا اسے۔ بلکل اچھا نہیں لگ رہا تھا زار اسے پیچھے دھکیل کر اندر چلا گیا۔۔

اسکے کتے باہر بھونکنے لگے تھے اسے سخت غصہ چڑھ رہا تھا تبھی اسنے۔۔ کسی کی طرف دیکھے بنا بس اپنے گھر کی راہ لی

صدام نے وہ سیگریٹ وہیں پھینکی اور خعد بھی کمرے میں چلا گیا۔۔

زار کے لہجے میں وضح اسکی ماں کے لیے نفرت اور تحزیق تھی جو اسے بلکل اچھی نہیں لگی تھی

عینہ آج کالج جا ہی نہیں رہی تھی وہ جانتی تھی کالج آج اسے اسفر کے ساتھ جانا پڑے گا اسی لیے اسنے نہ جانے کا سوچ لیا تھا۔۔

وہ باہر آئی تو عالیہ نے اس سے پوچھا کے باہر اسفر کھڑا ہے وہ کیوں نہیں جا رہی عینہ نے ارد گرد دیکھا کوئی نہیں تھا زار بھی نہیں تھا۔۔ تبھی اسنے نفی کر دی کہ وہ آج نہیں جا رہی۔

چلو ٹھیک کیا تم نے ویسے بھی ناہید کہہ رہی تھی کہ آج شاپنگ پر چل لیں۔۔ کیونکہ پیچھے بس دو دن رہ وہ ناشتہ "گئیں ہیں اور کوئی انتظام شروع نہیں ہوا کرتے ہوئے بولی۔۔ تو عینہ چپ ہو گئ۔

رفتہ رفتہ سب اگئے زار نہیں تھا۔

ولایہ انس سے فنکشن کے بارے میں بات کر رہی تھی

کہ فنکشن کی تیاری کا کیا کرنا ہے وہ سب بات ہر رہے تھے۔۔عینہ کو الجھن ہو رہی تھی صدام نے کہا کہ عینہ کا فنکشن انکے اپنے گھر میں ہو گا۔۔۔

عالیہ نے اسے حیرانگی سے دیکھا

کیوں یہاں کیا مسلہ ہے بڑا گھر ہے ادھر ہی ہونا

وہ حتمی لہجے میں بولی۔۔۔ "چاہیے فنکشن

تبھی۔۔۔افنین بھی وہاں اگئ۔اور۔۔۔زار بھی آج بلیو کوٹ وائٹ شرٹ اور بلو ڈریس پینٹ میں۔۔

فریش سا ریڈی ہو کر وہ۔۔چئیر گھسیٹ کر بیٹھ گیا

۔۔۔۔

ایکدم سب اسکے آنے پر چپ ہو گئے تھے اور افنین زار کے لیے ناشتہ بنانے لگی۔۔۔

زار نے اپنا آئی "سکینہ مجھے کافی کا ایک کپ دے دو

فون ٹیبل پر رکھا۔۔اور۔ سکینہ سے بولا۔۔

عالیہ نے صدام کی جانب دیکھا وہ ناشتہ کر رہا

تھا وہ بلاوجہ اپنے بیٹے کا موازنہ زار سے کر رہی تھی

خوبصورت تو اسکا بیٹا بھی بہت تھا مگر اسے لگتا

تھا نتاشہ نے اسے ڈل کر دیا ہے نتاشہ بھی اسکے پاس

بیٹھی تھی۔۔

مگر وہ اسکے ساتھ بلکل نہیں جب رہی تھی۔۔۔

اسکے بیٹے کے پاس ایک عام سی کمپنی کا موبائل تھا

زار کافی پیتے ہوئے بھی کافی کلاسی لگ رہا تھا۔۔۔

عالیہ نے اس سے نگاہ ہٹالی۔۔۔

عالیہ نے جان بوجھ "فنکشن اسی گھر میں ہو گا۔

کر۔۔۔ گھر پر اپنا حق جتاتے ہوئے کہا جبکہ۔۔ زار

نے کافی کے مگ سے ہی آئی برو آچکا کر عالیہ کیطرف دیکھا اور نفرت سے نگاہ پھیر لی

اسنے ماں کیطرف "مما آپ نے ناشتہ نہیں کرنا دیکھا۔۔

ہاں کرنا ہے بس طبعیت تھوڑی نڈھال سی ہو وہ رہی ہے افین چیئر پر بیٹھتے ہوئے بولی "

وہ جلدی سے مگ رکھتا انکیطرف "کیوں کیا ہوا ہے متوجہ ہوا۔۔۔

افین مدھم سا مسکرا کر نفی میں سر ہلا گئی۔۔۔

وہ مسکرائ تو انس "پریشان مت ہو شاید ویکنیس ہے شاہ بھی اسکی جانب متوجہ ہوئے۔۔

ریڈی رہنا ناشتے کے بعد میں ڈاکٹر پر لے جاتا انس بولے تو زرا نے انکیطرف دیکھا۔۔ "ہوں تمھیں

وہ۔۔طنزیہ لہجے میں "شکر ہے آپکو بھی خیال آیا

بول اتو انس نے گھور کر اسکی طرف دیکھا۔۔

چپ چاپ ناشتہ کرو میری بیوی ہے وہ میں

جانتا ہوں۔۔ تمھیں مجھ پر طنز مارنے کی ضرورت

انس شاہ بولے اور۔۔۔ دوبارہ ناشتہ کرنے لگے "نہیں

۔۔

دوسری طرف۔۔۔زار چپ ہو گیا۔۔۔

مما میں فنکشن کی تیاریاں سٹارٹ کرتا ہوں

صدام بولتا ہوا اٹھا۔۔"

عالیہ کو "تمھیں میری بات سمجھ نہیں ارہی

غصہ چڑھا وہ اسکی بات کی نفی کر رہا تھا۔۔

عینہ کی منگنی۔۔۔اسی گھر میں ہو گی انس اسے آپ

عالیہ بھڑک کر کہتی وہاں سے اٹھ گئ "سمجھا دیں

۔۔جبکہ کافی پیتے۔۔زار کو اچھو لگ گیا اسنے ایکدم کپ دور کیا۔۔۔۔

عینہ کے ہاتھ پاؤں کانپ سے اٹھے۔۔۔۔

جبکہ زار۔۔۔۔سوری کہتا۔۔۔اپنے کپڑوں پر سے ہلکی سی چھیٹ ٹیشو سے صاف کرنے لگا۔۔۔۔

افنین نے بیسٹھ کو غور سے دیکھا تھا جبکہ باقی سب نے اسکے نارمل ریسپونس پر مزید کوئی رویہ دیے بنا۔۔۔۔

اپنی بات میں مصروف ہو گئے۔۔۔

زار کے ماتھے پر بل ڈالے تھے۔۔دانت پر دانت جمائے وہ بیٹھا تھا نتاشہ نے البتہ یہ سب نوٹ کیا تھا عینہ کی سرخ بھیگی آنکھیں زار کا رویہ۔۔یہ سب کیا ہے۔۔وہ۔۔زرا سوچنے پر مجبور ہوئی اور جو وہ

سوچ رہی تھی اگر ویسا ہے کچھ تو۔۔ یہ کتنا دلچسپ ہونے والا ہے اسکی کھوجتی مسکراتی نظریں انھیں دونوں پر تھیں

تمھاری ماں ٹھیک کہہ رہی ہے یہ گھر بڑا ہے۔۔ اگر انس بولے۔۔ "تمھیں مناسب لگے تو۔۔۔ یہیں کر لو

ہاں ہمارا گھر آناتت حاشر م ہے آناتت زار نے۔۔۔ مسکرا کر کہا "بچوں کی شادیاں کرتا ہے۔

تو نتاشہ کے ارمانوں پر پانی پڑ تا تھا جبکہ عینہ نے اسے۔۔۔ کتنی بے بسی اور دکھ سے دیکھا تھا۔۔

عالیہ نے تڑپ کر انس کو دیکھا

افنین نے اسکا ہاتھ پکڑا۔۔ "زار

اوہ مما آپ دیکھ نہیں رہیں۔۔۔ کسی یتیم کی شادی ہو رہی ہے۔۔۔۔ ویسے مسٹر صدام یہ منگنی یہیں ہونی

وہ ہلکا سا گنگناتا "چاہیے۔۔۔ بہت آف لاک

وہاں سے اٹھ گیا جبکہ۔۔۔ مڑتے ہی اسکے وجود

میں لگی چنگاریوں کا اثر اسکے منہ پر آگیا۔۔۔۔

وہ یوں ہی مٹھیاں بھینچتا وہاں سے۔۔۔۔ تیز تیز قدم

بھرتا چلا گیا جبکہ۔۔۔

عالیہ نے انس کی جانب دیکھا اور وہ۔۔ روتی ہوئی

وہاں سے چلی گئ۔۔

انس شاہ شدید غصے میں افنین کو دیکھنے لگے

صدام بھی چلا گیا۔۔

"میں معافی چاہتی ہوں

انس کا سارا غصہ اسپر اترا "اندر

جو میں میں آتا ہے منہ پھٹ صرف بولتا ہوا

دیکھائی دیتا ہے اسکو سیدھی زبان میں کہہ دو

وہ "اب اس گھر میں یہ مجھے نظر نہ آئے

ٹیبل پر ہاتھ مار کر غصے سے خود بھی اٹھ گئے

عالیہ کو اوٹ میں سے یہ سب دیکھ رہی تھی

چہرے پر مسکراہٹ آ گئی اتنی آسانی سے زار کو نکال دیا

۔۔گھر سے۔۔۔بس اب ان لفظوں کا وہ باخوبی فائدہ

اٹھائے گی۔۔۔۔

وہ کمرے میں جا کر پھوٹ پھوٹ کر رونے کا

ڈرامہ کرنے لگی۔۔۔

افنین جبکہ پریشان ہو چکی تھی انس کے الفاظ ایسے ہی

نہیں تھے کہ جو وہ کہتے تو بھول جاتے جو انھوں نے سوچ لیا

وہ کر گزرتے تھے پھر زار بھی ویسا ہی تھا وہ تو۔۔عاجز

اگئی تھی اسکی زبان سے۔۔۔۔

"ایم سوری بیٹا" افنین نے۔۔۔عینہ سے معذرت کی

ارے نہیں آنٹی آپ ایسے مت کہیں پلیز مجھے بلکل

اچھا نہیں لگے گا"۔۔۔وہ انکے ہاتھ تھام گئی

وہ بس۔۔زبان کا کڑوا ہو رہا ہے۔۔مگر دل کا برا نہیں ہے

۔۔۔"اسنے کہا تو۔۔عینہ سر ہلا گئی۔۔

"ساری کڑواہٹ تو آج کل صرف عینہ کے لیے تھی

اسنے تڑپ کر سوچا تھا

پلیز رو نہیں بیٹا۔۔۔میں بہت شرمندہ ہوں

۔۔۔"اسکے لفظوں پر

اسنے آنسو صاف لیتا اور "آنٹی نہیں میں تو نہیں رہی

ہلکا سا

مسکرا اٹھی۔۔۔

اور وہ بھی چلی گئی۔۔۔

وہ کمرے میں آئی تو چہرہ دونوں ہاتھوں میں چھپا کر رو دی۔۔۔

مگر اسے احساس ہوا کمرے میں کوئی ہے۔۔۔

اسنے آنکھوں پر سے ہاتھ ہٹایا۔۔۔

وہ سرد نظروں سے اسے دیکھ رہا تھا۔۔۔

بہت پر سکون سے لیٹا۔۔۔

وہ۔۔۔ ہلکی سی آواز "میں آپکو یہ ہی بتانے آئی تھی میں اپنا دفاع کرنے لگی۔۔۔

زار نے کہا اور۔۔۔ اپنی جگہ سے اٹھا۔۔ "جھوٹ

وہ۔۔ تڑپ کر اسکے نزدیک "میں سچ کہہ رہی ہوں آنے لگی

اسنے اسے دور دھکیلا "شیٹ آپ دور ہٹو مجھ سے

۔۔۔۔

اور کہاں کہاں تم مجھے دھوکا دو گی عینہ ۔۔۔اور کہاں کہاں وہ۔۔جبزباتی "میں تمھاری وجہ سے ہرٹ ہوں سا ہو رہا تھا۔۔۔۔

زار۔۔زار مجھے قبول کر لیں بتا دیں سب کو میں اپکی بیوی ہوں پلیز۔۔ میں میں کسی سے نہیں ڈرو گی میں صرف آپکا ساتھ دو گی۔۔صرف آپکی بات مانو گی پلیز مجھے قبول کر لیں"

یہ تو تمھارا خواب ہے۔۔۔۔ کہ میں تمھارا اخری سانس تک کسی کو یہ بتاؤ گا کہ تم میری بیوی ہو ۔۔۔اصل مزا تو اس دن آئے گا جس دن تم میرے بچے کی ماں بنو گی۔۔ تم سکون سے اپنی منگنی انجوائے کرو۔۔

اگر مجھے سلگنا آتا ہے تو سلگانا بھی آتا ہے عینہ ۔۔۔۔زار انس شاہ۔۔۔۔

وہ ”تمھاری اصل پہچان تمھیں یاد کرانے میں آتا رہوں گا ۔۔۔ ایک آنکھ دبا کر اسکو خوبصورتی سے ۔۔۔ جارت کرتا ۔۔۔۔

وہاں سے چلا گیا اس جارت میں ۔۔۔ جو جلن تھی ۔۔۔

وہ عینہ کے لبوں سے نکلنے والے خون نے واضح کر دی تھی

گھر میں منگنی کی تیاریاں ہو رہیں تھیں جبکہ عینہ کی ایکطرف یہ جان پر بن گئ تھی وہیں ۔۔ زار بلکل ہی لاتعلق ہو گیا تھا ۔۔۔

عینہ اس سے بات کرنا چاہتی تھی مگر وہ ۔۔ اس سے بات کرنے میں انٹرسٹیڈ نہیں تھا ۔۔۔ وہ اپنے کاموں میں مگن تھا ۔۔۔ اکثر وہ افنین کے پاس ہوتا انس شاہ کے پاس بھی آج کل کم ہی دیکھائی دیتا تھا

نہ اسنے عینہ کو بلایا تھا نہ ہی وہ خود سے عینہ کیطرف بڑھا تھا

عینہ البتہ۔۔ کس سبب روئے جا رہی تھی عالیہ اور نتاشہ نہیں جانتی تھیں۔۔نتاشہ۔۔۔نے تو عینہ سے یہ بھی پوچھ لیا کہ اگر اسے کوئ اور پسند ہے تو وہ یہ منگنی نہ کرے اور۔۔ جہاں وہ چاہتی ہے وہاں شادی کرلے تو وہ اسے سپورٹ کرے گی۔۔۔ مگر عینہ اسے کیا بتاتی وہ کہاں چاہتی ہے وہ کہاں سپورٹ کرے گی کیا وہ اسے بتادے کہ وہ زار ہے نکاح میں ہے زار کے علاوہ کسی کی نہیں ہونا چاہتی وہ زار سے محبت کرتی ہے اور اسکے بعد۔۔

اسکے بعد کیا ہوگا اگر وہ سوچنے بیٹھ جائے تو جھر جھری ہی اجائے۔۔۔

زار کی لاتعلقی اسکی لاپرواہی۔۔اسکا عینہ کو اگنور کرنا عینہ کی

جناب پر بنا گیا تھا۔۔

وہ نہ ہی اسفر کے ساتھ ڈریس خریدنے گئی تھی

۔۔۔اور نہ ہی کسی اور چیز میں حصہ لے رہی تھی۔۔

عالیہ اسے خوب ڈانٹ چکی تھی کہ وہ رشتہ

خراب کر رہی ہے اور آخر چاہتی کیا ہے مسلہ

کیا ہے مگر عینہ کے لبوں سے ایک لفظ نہیں نکلا۔۔۔

کل اسکی منگنی کی رسم کی ادائیگی ہونی تھی۔۔۔

وہ اس وقت اپنے روم میں تھی بیڈ پر لیٹے چھت

کے فانوس کو گھورتے وہ صرف زار کے بارے میں

سوچ رہی تھی۔۔

تھوڑی دیر ہی گزری تھی کہ۔۔۔نتاشہ آگئی۔۔نتاشہ نے

اسکی جانب دیکھا کمرے میں کل کا اسکے پہننے کا

پھولوں سے کمرے کا ایک حصہ بھی سجایا ہوا تھا

یہ صدام نے کرایا تھا اسکے لاکھ کہنے کے باوجود

عالیہ اپنی بات سے جب نہیں پلی تو صدام نے

اس فنکشن میں خرچ ہونے والے تمام پیشوں کی

زمہ داری لی اور ماں کی بات مان لی۔۔۔

عینہ کا کمرہ اسی نے ڈیکوریٹ کرایا تھا۔۔۔ جبکہ عینہ کو

ان چیزوں کی کوئی خوشی نہیں تھی نہ وہ خوش تھی اگر

اسکی انکھ میں غم کا آنسو تھا تو۔۔ وہ زار کی وجہ سے

تھا۔۔ وہ اتنا ظالم ہو گیا تھا۔۔۔

ایک منٹ کے لیے یہ تو سوچتا کے عینہ اسکی

محبت ہے وہ اس سے محبت کرتی ہے۔۔۔

زار کو ان باتوں کی پرواہ نہیں تھی وہ آفس سے آیا تھا۔۔۔ اور

سیدھا اپنے روم میں چلا گیا تھا۔

“چلو اٹھو [illegible]

نتاشہ بولی تو عینہ نے کروٹ لے لی مجھے بھوک نہیں

اسنے کہا اور۔۔ آنکھوں پر ہاتھ رکھ لیے۔۔۔ "بھابھی۔۔

عینہ۔۔ پھر مما آئیں گی تو لازمی تمھارے اس اترے ہوئے

منہ پر تم تھپڑ کھاؤ گی تو بہتر ہے تمھیں چلنا

نتاشہ نے شانے آچکا کر کہا تو عینہ نے "چاہیے باہر

ہاتھ ہٹا کر سرخ نظروں سے اسے دیکھا۔۔

ایک ستم اسکے گھر والے اسکی جان پر ڈھا

رہے تھے اور ایک ستم زار اب تو اسکا دل کر رہا تھا وہ

بھاگ جائے۔۔ وہ تھک گئ تھی زار کو بھی اپنی محبت

کا یقین دلاتے اور گھر والوں کے ساتھ وفا نبھاتی۔۔۔

وہ۔۔۔ اٹھی اور نتاشہ کے پیچھے چلنے لگی۔۔۔

وہ باہر آئیں تو ٹیبل پر سب ڈنر کے لیے موجود تھے عینہ چئیر کھینچ

کر بیٹھ گئ۔۔

اسکے انداز میں زرا خفگی تھی نا رضگی تھی جھلا۔۔ تھا

۔۔۔جو سامنے چئیر پر بیٹھے زار نے باخوبی محسوس کیا تھا

اسکے لبوں کی تراش میں مسکراہٹ جم گئ جبکہ

باقی سب نے عینہ کی حرکات نوٹ کی تھی

عالیہ نے پوچھا تو۔۔۔عینہ نے "کیا ہوا ہے تمھیں

ماں کیطرف دیکھا

کچھ نہیں روکھے لہجے میں بول کر وہ۔۔ کھانا کھانے لگی

۔۔ عالیہ کو حیرانگی وہی یہ اسکی بیٹی کا لہجہ ہے

۔۔

مگر دانت پیس کر وہ کھانا کھانے لگی۔۔۔

مدھم سی زار کی مسکراتی آواز ٹیبل کی چمچ "ویری نائیس

اور کانٹوں کی بیچ میں اٹھی۔۔۔۔

سب نے اسکی طرف دیکھا مگر اسے پروا نہیں تھی کہ

۔۔۔کوئی اس سے پوچھتا کہ وہ کس بات پر خوش ہوا

ہے۔۔۔

جبکہ یہ عینہ جانتی تھی کہ وہ۔۔عالیہ کے ساتھ

بدتمیزی پر عینہ سے خوش ہوا تھا۔۔۔

عینہ کو آج زندگی میں پہلی بار اسپر غصہ چڑھا

تھا۔۔۔

وہ پھر بھی اسکی جانب دیکھے بنا۔۔۔کھانا

کھانے لگی گو کہ کھانے میں دل نہیں لگ رہا تھا

مگر پھر بھی وہ کھانا کھا رہی تھی

ڈیڈ۔۔ مجھے کچھ ٹائم کی ویکیشنز چاہیے۔۔ مجھے۔۔ لندن جانا ہے "کچھ دیر بعد زار کی آواز پھر سے ٹیبل پر اٹھی انس شاہ نے اسکی طرف دیکھا۔۔۔

انس شاہ "کافی ٹائم بعد سوچا اس بار تم نے مسکرائے انھیں پسند تھا زار کا خوش رہنا۔۔

ہاں۔۔۔ ہمارے گھر میں۔۔۔ سر کسی سا ماحول تھا وہ "۔۔۔ تو سکون سے سوچنے کی فرصت اب ملی کہاں۔۔ طنز مارے بنا رک سکتا تھا۔۔

انس نے۔ گھور کر اسکی طرف دیکھا۔۔۔۔

زار شانے آچکا گیا۔۔ عالیہ البتہ انس کو دیکھ رہی تھی۔۔

بدتہذیبی سے پرہیز کرو اور اب میں تمھاری کسی

انس شاہ نے "بات میں انولومینٹ نہ سنو

کڑک لہجے میں کہا تو وہ مسکرادیا۔۔

وائے نوٹ ڈیڈ۔۔بائے داوے۔۔۔ میری کل صبح کی

فلائیٹ ہے۔۔مجھے پیسے چاہیے۔۔۔پچیس لاکھ۔۔۔

وہ۔۔بولا۔۔۔ "میرے اکاؤنٹ میں ٹرانسفر کرادیں

تو انس شاہ نے سر ہلادیا

عالیہ حونک نظروں سے انس کو دیکھنے لگی افین

البتہ نہیں بولی تھی۔۔وہ صرف سترہ سال کا تھا۔۔

تب انس نے اسے۔۔۔دبئ بھیج دیا تھا۔۔صرف اس

لیے کہ وہ زندگی کو انجوائے کرے شاید وہ اپنے ارمان بیٹے سے

پورے کرتا تھا کہ اس عمر میں وہ یہ سب کرنا

چاہتا تھا۔۔۔

زار کو تب سے۔۔عادت ہو گئ تھی باہر گھومنے پھیرنے کی اور وہ ہر سال گرمیوں کی چھٹیاں باہر پہلی گزراتا تھا

عینہ کے لقمے حرام ہو گئے تھے یوں لگا اب کچھ نگلا نہیں جائے گا وہ۔۔اس قدر نفرت کرتا ہے اس سے۔۔اسے کسی اور کے حوالے کر ہے وہ چلا جائے گا وہ۔۔کسی اور کے نام کی انگوٹھی اسکی انگلی میں ڈلوا دے گا۔۔۔وہ اتنی نفرت کرتا ہے اسنے زور سے چمچ پھینک کر مارا۔۔۔اور پلیٹ دور دھکیل کر وہ۔۔چئیر پیچھے کھسکا کر اٹھ گئ۔۔اسکے حلق میں آنسوں کا گلہ پھنس گیا تھا

زار نے بڑی نشیلی نظروں سے اسے ایک نگاہ دیکھا اور مسکرا کر۔۔۔افنین سے بات کرنے لگا جو اسی سے بات کر رہی تھی جبکہ عالیہ نے عینہ کی بد تمیزی۔۔پہلے ہی مشکل سے ہضم کی تھی۔۔۔

عالیہ ”عینہ تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے

بھڑک کر بولیں تو عینہ کا بس نہیں چلا پھوٹ

پھوٹ کر رو دے وہ بھی اسی طرح لاپرواہ ہو جائے انس

سے۔۔اسے بھی کوئی فرق نہ پڑے۔۔وہ بھی۔۔۔لاپرواہ

بن جائے گی اسنے سوچ لیا تھا اب کیا آخری

سانس تک اسکے ہاتھوں زلیل ہو کر وہ۔۔۔یہ

ثابت کرتی کہ۔۔وہ۔۔انس سے محبت کرتی ہے بے

تحاشہ کرتی ہے۔۔۔

عینہ نے کوئی جواب نہیں دیا۔۔اور وہ کمرے میں

چلی گئ۔

انس شاہ نے عالیہ کو دیکھا جسے۔۔زار کی

مسکراہٹ۔۔ہی زہر لگ رہی تھی اول تو اسے کھٹک

گئے تھے کہ انس زار کو پچیس لاکھ کیوں دے۔۔۔اتنی بڑی رقم

وہ بھی بس ایک ٹریپ کے لیے۔۔

جبکہ نتاشہ زار سے آج کل بہت ایمپریس رہنے لگی

تھی زار کی لاپرواہی اسکا بے نیاز سا انداز۔۔ اور پھر

سب سے اہم اسکی مال دولت۔۔۔

نتاشہ کو ہر گزرتے دن کے ساتھ زار کا انداز اپنی طرف

متوجہ کر رہا تھا اور اب اسے صدام بے حد بور اور

دل لگنے لگا تھا نتاشہ زار کو ہی دیکھ رہی تھی صدام نے ا

سکی طرف دیکھا۔۔

اسنے سوال کیا تو۔۔ نتاشہ "تمہیں کھانا نہیں کھانا

نے سٹپٹا کر سر جھکا لیا۔۔

اور۔۔

دوسری طرف زار ماں کو سمجھا نے رہا تھا۔۔ کہ وہ

۔۔ فکر نہ کرے اسکی جب وہ سترہ سال کا تھا

تب اکیلے اسنے سب مینیج کر لیا تھا تو اب کیوں

نہیں

ان سب سے پہلے زرا اور افین عینہ کے بعد۔۔ کھنا کھا کر اٹھ گئے۔۔

عالیہ نے کچھ شاپنگ کرنی تھی تبھی اسنے انس شاہ سے کہا کہ وہ اسکے ساتھ بازار چلے وہ شخص بیٹے پر بے دریغ اڑاتا تھا۔۔ سوچتا ہی نہیں تھا یہ پچیس لاکھ ہیں پچیس روپے نہیں تو وہ اسکی بیوی تھی پورا حق رکھتی تھی۔۔

عالیہ اور انس باہر گئے۔۔ تو۔۔۔۔ نتاشہ بھی صدام کے پیچھے ہٹ گئ۔

صدام مجھے لگتا ہے زار کی وائف دنیا کی خوش اسنے۔۔ عالیہ اور انس کی "نصیب ترین لڑکی ہو گی

گاڑی کو باہر جاتے دیکھا پھر اپنے شوہر کو جو کہ لیپ ٹاپ پر شاید کوئی میل ٹائپ کر رہا تھا

وہ مصروف سے انداز میں بولا۔۔۔"کیوں

کیونکہ۔۔۔اسکا شوہر بے حد ایکٹیو۔۔ہینڈسم سٹنیگ امیر اور جہاں تک میرا خیال ہے رومنٹک بھی ہے

نتاشہ کے کہنے پر صدام ہنس پڑا "

اسنے نارملی کہا "تم زیادہ ہی زار کو جج کر رہی ہو

نتاشہ۔۔۔چپ ہو گئ وہ واقعی زار میں کافی انٹرسٹ لے رہی تھی۔۔۔

وہ صدام کے نزدیک آئی "تو تم کیوں اتنا بور ہو گئے ہو ہنی

--

دو یو نواب سے کچھ رات پہلے تم نے میرے بلانے پر

ٹکا سا جواب دیا تھا اور اب۔ تم مجھے بور ہونے کا تانا مار

رہی ہو" وہ اسے یاد دلاتے ہوئے بولا

تو نتاشہ۔۔اس سے دور ہو گئی۔۔۔

مجھے بھی شاپنگ پر جانا ہے آنٹی شاپنگ پر گئی ہوئی

ہیں" نتاشہ منہ بنا کر بولی

اور اسکے ہاتھ سے لیپ ٹاپ کھینچ لیا۔۔

صدام نے گھیرہ سانس بھرا

اچھا چلو ایسا کرو عینہ کو بھی بلالو اگر اسے کسی چیز کی

ضرورت ہو"

وہ بولا تو نتاشہ مسکرائی

وہ معنی خیزی سے "تمہاری بہن کو۔۔۔کچھ نہیں چاہیے

مسکرائی صدام واشروم میں چلا گیا ورنہ وہ

اس بارے میں لازمی اس سے سولا کرتا

صدام اور نتاشہ بھی کچھ دیر میں چلے گئے تو۔۔گھر

میں صرف زارعینہ اور افنین رہ گئے

افنین سو چکی تھیں۔۔زارا اپنے مخصوص ٹراؤزر

شرٹ میں روم سے باہر نکلا

اسنے آواز لگائی عینہ نے کمرے میں سے "سکینہ

یہ آواز سن لی تھی آنسو صاف کر کے۔۔۔وہ اپنی

جگہ سے اٹھی اور اپنے روم کا دروازہ کھول کر وہ زراجو دیکھنے لگی

جس کی پشت تھی اسکی جانب وہ چوڑے شانوں والا

مظبوط مرد اسکی ایک نہیں سن رہا تھا

میری پیکینگ کر دو اور تھوڑے سے موٹے کپڑے بھی رکھ

ویسے مجھے کچھ خاص تو نہیں لگتا کہ موسم سرد ہو گا وہاں

وہ بولتا۔۔یوا۔۔۔ "مگر ہو بھی سکتا ہے

سامنے لون کی جانب چلنے لگا کیونکہ اسکے دونوں کتے

باہر نکل آئے تھے وہ۔۔انکے نزدیک گیا انھیں پیار

کرنے لگا

عینہ۔۔نے نوٹ کیا کہ۔۔عالیہ گھر نہیں کیا

ایسے روم کی لائٹ آف تھی نہ ہی۔۔صدام ہے

اسکے بھی روم کی لائیٹس آف تھی صرف افنین کے

جل رہی تھی۔۔

اسنے اپنی تسلی کو عالیہ اور صدام کا روم چیک

کیا۔۔اور وہ۔۔لون میں اپنے کتوں سے کھیلتے زار کے

پاس اگئ۔۔

وہ مسکرا کر ان سے کھیل رہا تھا جبکہ۔۔کتے بھی اپنی مالک کی سنگت میں کافی خوش تھے

مجھے لگتا ہے میری اہمیت ان کتوں سے بھی گئ گزری ہے

اچانک عینہ کی پیچھے سے آواز آئ اسنے۔۔مسرور سا ہوتے مڑ کر دیکھا

"آپکو تو پلکوں پر بیٹھا لیں کہاں۔۔۔آپ ان سے اپنا آپ ملاتی ہیں۔۔۔اگر وفا کرتیں تو۔۔یہاں یہاں رکھتے" اسنے سینے کیطرف اشارہ کرتے کہا۔۔۔

میں اب آپ کو اپنی وفا کے ثبوت نہیں دوں گی ۔۔۔آپ مجھے اتنی ڈے غلطی کی اتنی سخت سزا کیسے دے سکتے ہیں

وہ "میں اپنے ہاتھ میں کسی اور کے نام کی انگوٹھی پہنا لو
رونے لگی۔۔۔

جا کر میری ماں کو دیکھو تمھاری ماں کے وجود نے اسے
ناکردہ گناہ کی سزا دی رہی ہے۔۔مجھے اس کا قصور گنوا دو
وہ سنجیدگی سے۔۔ بھڑک کر بولا۔۔۔ "

ہاں آپ ٹھیک کہہ رہے ہیں میں یتیم میری
ماں بدکردار اور میرا بھائی بے ضمیر
معیار تو صرف زارانس شاہ کا ہے وہ جس کو چاہے
سزا سنا سکتا ہے۔۔وہ۔۔۔
وہ سلگتے ہوئے بولی۔۔۔ "جس کو چاہے کو بھی بول سکتا ہے

وہ "تو تمھیں یہ پتہ ہے۔۔پھر مجھے کیوں بتا رہی ہو

سکون سے بولا تو۔۔عینہ نے شکواہ بھری نظر اٹھی وہ

آنکھ دبا گیا۔۔۔

اسنے انسو صاف کیے اور۔۔مڑ گئ "ٹھیک ہے

۔۔۔

اسفر کے نام کی انگوٹھی میں بھی پھر خاموشی سے پہن

اسنے کہا اور گویا اسے جتا گئ کہ "لوں گی۔۔۔۔

اب اسکا کوئ قصور نہیں اور۔۔اندر اس سے پہلے وہ

بڑھتی۔۔زار نے کتوں کو بلکل اپنے قابو میں کیے بیٹھا

تھا اسکے اترانے پر اپنے کتوں کو اسپر چھوڑ دیا۔۔

عینہ کی چیخیں۔۔۔پورے گھر میں گونج اٹھیں کہ اگر کوئی سویا بھی ہوتا تو ایکدم اٹھ بیٹھتا اور یہ ہی کچھ افنین کے ساتھ ہوا تھا وہ ہڑبڑا کر اٹھ کر باہر بھاگی تھی

عینہ زمین پر گیر گئی تھی کتے اسے کاٹ نہیں رہے تھے وہ بلکل جس طرح زار سے۔۔پیار پیتے تھے اسے طرح

۔۔۔عینہ

کو کبھی اپنا سر لگاتے کبھی زبان اور عینہ آنکھیں بند کیے

۔۔۔روئے جا رہی تھی اور چیخے جا رہی تھی۔۔۔

زار ہاتھ باندھے ایکطرف کھڑا اسکی اکڑ کا اسے جواب دے رہا تھا۔۔ کس لیے وہ اسکے سامنے اتنا اکڑ کر بولی تھی

افنین ایکدم عینہ کو چیختے دیکھ لوں میں بھاگتی وہی آئی۔۔

زار نے ماں کو مسکرا کر دیکھا۔۔۔

افنین "زار۔۔ہٹاؤ انھیں یہ کیا حرکت ہے

نے اسکے بازو پر زور دار تھپڑ مارا

اسنے کتوں کو ایک آواز لگائی وہ اب زار کے پاؤں میں

مچلنے لگے۔۔

عینہ۔۔۔کے سانس پھول گئے تھے۔۔جبکہ دوپٹہ

سمیٹتی وہ۔۔۔زار کو۔۔۔خوف زدہ نظروں سے دیکھتی

۔۔۔افنین کے پاس بھاگی۔۔۔افنین ایکدم اسکے

اپنے پاس آنے پر حیران ہوئی تھی وہ۔۔۔افنین کے

سینے سے لگ کر رونے لگی تھی۔۔اسکا دل خوف سے

پھٹنے کو تھا۔۔

اور ہیلو یتیموں تمھاری۔۔وہ منحوس ماں زندہ ہے اسکے۔۔

"گلے لگ کر دھاڑے مارنا میری ماں سے دور رہو

افنین تو غصے سے ایک اور تھپڑ لگانے لگیں تھیں "زار

اور دور ہوتے نفی میں سر ہلاتے وہ بھاگ گئ ۔۔

اپنے کمرے میں جبکہ زار ہنستا ہوا اپنے کتوں کی پیٹھ سہلانے لگا گویا شاباشی دی ہو۔۔

افنین ہو غصہ آنے لگا وہ "زار یہ کیا حرکت تھی لڑکا دن با دن پاگل ہو رہا تھا

میں نے کچھ نہیں کیا جب میں لونیں ہوں تو کیوں آئ وہ میسنی یتیم"

فاین نے غصے سے لگاہی دی۔۔ "زار

وہ نفی "جوان جہان بیٹے کو مار رہی ہیں تف ہے آپ بھی میں سر ہلاتا اپنے کتوں کو باندھ آیا کیونکہ افنین بھی ڈرتی تھی

زار

کے لبوں سے مسکان ہی نہیں ہٹ رہی تھی

بس اسے عینہ پر پیار آنے لگا بے ساختہ معلوم نہیں کیوں۔۔۔

افنین غصے میں کھٹیا سے دیکھ رہی تھی

ابھی تو میں اپنے شیروں کو ایسی ماں پر چھوڑ دوں گا۔۔نوچ نوچ کر اسکی وکٹیں چمڑی کھائیں گے۔۔تب جا کر کہیں سکون پڑے گا "

افنین دانت پیس کر "اور تمھارے باپ کا کیا ہو گا دیکھنے لگی

۔۔

زارنے شانے اچکائے "وہ ہمارے پاس اجائیں۔۔گے

زار بچے نہیں ہو تم کیسی حرکتیں کر رہے وہ کب

میں نے اجازت دی ہے تو کیوں ٹارچر کر رہے ہو

"ان سب کو۔۔اور عینہ وہ ڈری سہمی لڑکی ہے

زار نے۔۔سر جھٹکا "آیا اتنی ڈری سہمی۔۔۔

"اب وہ اپنی ماں کو بتائے گی اور تمھارا باپ تم پر خفا ہو گا

افنین وک فکر سینے لگی

اوہو مام ڈونٹ وری۔۔۔وہ بتائے گی تو۔۔اسی ہے

"کمرے میں باندھ دوں گا یہ کتے

تم ایسا کرو یرے کمرے میں باندھ دو ان منحوسوں کو

افنین غصے سے چیخیں"

زار کا ہوئ بلند ہوا

اسنے کہا اور ماں "نہیں مجھے پتہ ہے آپ ڈرتیں ہیں کا ہاتھ تھام کر کمرے میں چلا گیا

پھر وہ افنین ہی ڈانٹ کھاتا رہا یہاں تک کے افنین و کو نیند آنے لگی

مسلسل دو گھنٹے کی ڈانٹ ڈپٹ ہے بعد تعہ تھک کر سو گئی تو زارا اسکے پاس سے اٹھ گیا۔۔۔

وہ جانتا تھا گھر ہر ہئ نہیں تبھی عینہ کا دروازہ کھولنا چاہا مگر وہ لاک تھا

زار بولا اور پھر۔۔ وہ لون ہی کھڑکی سے عینہ "اووووا ٹیٹیوڈ کے روم کی کھڑکی میں اتر گیا وہ دوسری طرف بالکنی میں کھڑی رو رہی تھی

اندر آتے ہی زار پر الگ ہی مسرو ریت چپاہ گئ۔۔۔

اسکے کمرے میں پھولوں کی مہک تھی

زار بیڈ پر لیٹ کر اسکا ویٹ کرنے لگا

جبکہ عینہ تو آج بالٹیاں بھر دینا چاہتی تھی

عینہ کچھ دیر بعد روم میں آئی تو ایکدم ڈر گئی۔۔۔

ہائے ڈارلنگ کل منگنی ہے اور شوہر کو کوئی لیفٹ ہی

وہ مسکرا کر اسے دیکھنے لگا ”نہیں

عینہ غصے سے بولی ”آپ میرے کمرے سے جائیں

وہ اٹھ کر ”بھڑک کس بات پر رہی ہو۔۔اتنا۔۔۔

عینہ کے نزدیک آیا

میں اب آپکی یہ گنڈہ گردی نہیں چلنے دو گی

“آپ نے مجھے کھلونا سمجھ لیا ہے

عینہ پھر سے رونے لگی

ہاں جس کے ساتھ کھیلنا۔۔میرا پسندیدہ مشغلہ

وہ ایک آنکھ بھر سے دبا گیا۔ “ہے

عینہ نے دونوں ہاتھوں میں چہرہ چھپالیا اور پھوٹ پھوٹ کر رو دی

زار۔۔نے اسکے ارد گرد باز و باندھ لیے۔۔۔۔

اور اسکا سر اپنے سینے سے لگالیا۔۔۔

عینہ نے اسے دور دھکیلا۔۔

جائیں آپ یہاں سے۔۔۔ آپکو صرف تب مزاہ آتا ہے جب میں تکلیف میں ہوتی ہوں

وہ بھڑک کر بولی "آپ تو جارہے ہیں کل لندن

۔۔

ویسے تو میں تمھیں جواب دہ نہیں ہو مگر پھر بھی۔۔

اسنے "یہ صرف ایک بیزنیس ٹور ہے۔۔۔

شانے آچکا ہے اور بیڈ پر بیٹھ کر اسکا۔۔۔ خفا خفا

چہرہ دیکھنے لگا۔۔۔۔

جھوٹ سراسر جھوٹ جان بوجھ کر صرف

انجوائے کرنے جا رہے ہیں۔۔۔ تاکہ مجھے اور بھی زیادہ

تکلیف ہو" وہ۔۔۔ بھڑکی۔۔

زار مسکرا دیا

تو تم بھی چل لو۔۔ اچھے سے ہنی مون منا کر آئیں گے" وہ

آنکھ دبا کر بولا۔۔

زار اپکو احساس بھی ہے کل کیا ہونے والا۔۔۔ کسی اور کا حق

مجھ پر ہر بن جائے گا زار آپ اسطرح کیوں کر رہے ہیں

میری ایک غلطی کی اتنی خطرناک سزا

مت دیں۔۔"

تمھیں کس نے کہا ہے میرے چاند منگنی کرو۔۔

توڑ دو انکار کر دو۔۔ کہہ دو تم صرف زار کی ہو۔۔۔ سبکے

سامنے۔۔ میں تمھیں۔۔۔ دیکھنا پھر آنکھوں پر نہ

وہ۔۔ اسکے گال کو "بیٹھا ہوں تو کہنا۔۔ زار جھوٹا تھا۔۔

سہلاتا بولا۔۔۔

عینہ خاموش ہو گئ۔۔۔ اسکے آنسوں حلق میں اڑ

گئے تھے۔۔۔

زار مسکرا دیا

نہیں کر سکتی کہ تم ایسا کیونکہ تمھیں اپنی ماں کی پرواہ ہے

۔۔۔۔

پھر میں سے ایسی توقع کیوں کر رہی ہو جو عورت میری

ماں کی زندگی۔۔ میں سوتن ن کر آئ اسکی بیٹی کو۔۔۔ قبول

کروں اسکی بیٹی کو سانسوں میں بسا لوں۔۔ انہوں سے

مدھم آواز میں ”محبت سے اسے بھی دیوانہ کر دوں

بولتا وہ بہلنے کی حد پر تھا۔۔

وہ اسکے چہرے پر ابھی جھکتا ہی کہ عینہ نے۔ اسکے سینے

پر ہاتھ رکھ کر۔۔۔ اسے دور کیا

زار مدھم سا مسکرا دیا۔۔

وہ ”کل تو چلا جاؤں گا۔۔ اج تھوڑا تو رحم کرو مجھ پر

مزے سے لیٹ گیا اور۔۔ تکیہ کھینچ کر سر کے

نیچے لگا کر وہ سکون سے اسے دیکھنے لگا۔۔۔

آپ صرف یہ چاہتے ہیں۔۔۔ میں آپکے پیچھے

خوار ہوتی رہو۔۔”

وہ۔۔ ایک آنکھ دباتا۔ اسے سلگاتا بولا۔۔۔۔ ”پرفیکٹ

عینہ نے آنسو صاف کیے اور اثبات میں سر ہلایا

۔۔

وہ چپ ہو گئ اسکی طرف سے پیٹھ "ٹھیک ہے۔۔۔۔

موڑ لی۔۔۔

جب۔ تم ناراض ہوتی ہو اور اٹریکٹ کرتی ہو۔ کوئ پوچھے

وہ عینہ کے "ناراض ہی کیوں ہو مجھ معصوم نے کیا ہی کیا ہے

گھنے بالوں سے کھیلنے لگا عینہ واضح محسوس کر سکتی تھی۔۔

مگر مری نہیں اسکے اندر جو۔ فکر تھی جو۔۔۔ تکلیف

تھی اس سے زار کو پرواہ بھی کیا تھا۔۔۔۔

وہ اب اپنی مرضی پر اتر رہا تھا عینہ جلدی سے اس

سے دور ہوئ۔۔۔

زار نے تیکھی نظروں سے اسے گھورا۔۔ پھر مسکرا دیا

۔۔۔

یہ کون سیکھا رہا ہے تمھیں۔۔۔ ایسے روپ میں تو اور

دلکش لگ رہی ہو۔۔۔۔ مجھ سے بچتی بچاتی۔۔ خفا

وہ۔۔۔بولا۔۔۔جبکہ عینہ نے۔۔۔ گھیرہ "کرتی غصہ کرتی

سانس بھرا۔۔

وہ آہستگی " ابھی سب اجائیں گے۔ آپ چلے جائیں

سے بولی۔۔۔

زار اٹھا اور اسکے نزدیک اگیا۔۔ اور اسکیطرف چلتا

جارہا تھا۔۔۔ جبکہ عینہ پیچھے ہٹنے لگی۔۔ وہ سر جھکائے

قدم دور کررہی تھی

تو تم منگنی کرلو گی۔ اس ہاتھ میں کسی اور کے نام کی انگوٹھی

وہ گھیرے لہجے میں بولتا اسکا ہاتھ تھام "پہنو گی

گیا۔۔۔

عینہ جانتی تھی وہ صرف اسے ہلکان کررہا ہے۔۔ اسے۔۔۔

زچ کردینا چاہتا ہے۔۔ اسے تکلیف میں رکھنا

چاہتا ہے۔۔۔

اسنے ہاتھ کھینچ لیا آنکھیں پھر سے بھیگ گئیں

اسنے زرا غصے سے "ہاں کرلوں گی آپ جائیں لندن

" کاہ تو۔۔زار۔۔۔اسکی جانب دیکھنے لگا۔۔۔

وہ سنجیدگی سے پوچھ رہا تھا۔۔۔ "مجھ سے بے وفائی کرو گی

عینہ۔۔۔کی سانس ہی تھم گئ تھی۔۔۔

وہ۔۔۔تڑپ کر بولی "تو قبول کرلیں بتا دیں سب کو۔۔

زار ضد میں بولا۔۔۔ "کبھی نہیں

وہ۔۔۔پھٹ پڑی۔۔۔زار نے غور سے اسکیطرف "کیوں

دیکھا۔۔

اسکی تڑپ پر توجہ دیے بنا وہ "نام کیا ہے اسکا

پوچھنے لگا۔۔وہ اسکیام سی انگلی سے۔۔ کھیل رہا تھا جس

میں کل وہ کسی اور کے نام کی انگوٹھی پہنتی۔۔

عینہ نے۔۔۔ دوسرے ہاتھ سے انسو صاف کیے۔ اپنا ہاتھ اسکے ہاتھ سے آزاد بھی وہ کب کرانا چاہتی تھی۔۔

وہ بولی۔۔۔ ”اسفر

زار بدمزہ ہوا۔۔ ”کتنا بوڑھا نام ہے

کوئی زارانس شاہ کے مقابلے میں تو لاتی۔۔۔ سوئیٹ

وہ مسکرایا۔۔۔ ”ہارٹ ڈھونڈ کر

وہ ایک ٹیبل کے پاس کھڑے تھے جس پر فروٹس رکھے تھے۔۔

زار کی نگاہ فروٹس میں لگی بھری پر گئی۔۔۔

میں نے نہیں ڈھونڈا انھیں۔۔۔ یہ مما کی چوائس ہے۔۔

وہ۔۔ سنجیدگی سے ”یعنی تم ڈھونڈتی تو زار کی ٹکر کا بندہ لے آتی

اسے دیکھنے لگا۔۔۔۔

عینہ کچھ نہیں بولی۔۔۔۔

زار نے پوچھا وہ "کل اس انگلی میں پہنو گی انگوٹھی

اسکے بے حد نزدیک کھڑا تھا اسکے کلون کی تیز

سمل عینہ محسوس کر رہی تھی۔۔عینہ۔۔۔کا دل اسکی انتہا

بھری قربت میں ڈوب کر ابھرا۔۔۔

وہ اسکو احساس دلانے کو کہہ گئ

ہاں پہنو گی۔۔شاید ضد چڑھ گئ تھی شاید وہ نہیں

چاہتی تھی کل کا دن اسکی زندگی میں آئے اور زار یہاں

سے چلا جائے۔۔۔

زار نے ایکدم چھری نکالی اور اسکے انگلی پر ایک "پہن لینا

گھیرہ کٹ ایکدم ہی ڈالتا۔۔وہ چھری اسکے

قدموں میں پھینکتا شانے آچکا گیا

عینہ کی ایک چیخ نکلی زار نے جنون میں اس چیخ کا

گلہ گھونٹ دیا۔۔۔

ڈرو اس وقت سے عینہ جو تمھیں رسوا کر دے گا۔۔۔۔

میرے علاوہ تمھاری زندگی میں کوئی نہیں ہونا

چاہیے کوئی مرد تمھیں چھوئے میں اسکے ٹکڑے کر

دوں گا۔۔۔۔ کیا کہ تم کسی کے ہاتھ سے انگوٹھی پہنو۔۔۔

وہ۔۔ مدھم مگر سرد لہجے میں بول رہا تھا۔۔۔

اسنے۔۔۔ اسکے آنسووں کو "تم میری ہو۔۔۔۔۔

اپنائیت سے چن لیا۔۔۔۔۔

اسکے بالوں کو۔۔۔ کان کے پیچھے کیا۔۔

تمھاری ماں بیچ میں نہ آتی تو واقعی تم زار کی دیوانگی میں

خود بھی دیوانی ہو جاتی۔۔۔ تکلیف تمھیں چھوتی بھی نہ اپنی

ماں سے کہو انس شاہ وک چھوڑ کر رہیاں سے دفع ہو

جائے میری امن کو جس دن اسکا حق ملے گا۔۔

میں تمھیں تمھارے سارے حق دوں گا۔۔۔۔

تمھیں۔۔۔پلکوں پر سجالوں گا مگر۔۔ تمھاری ماں انس

شاہ کی زندگی سے نہ نکلی۔۔۔۔

تو میں تمھاری ماں تمھارے بھائی اور تمھارا۔۔۔ جینا

حرام کر دوں گا۔۔۔ اور۔۔ یہ تم سب کچھ اپنی آنکھوں

سے دیکھو گی۔۔۔۔

وہ۔۔۔ سسکتی ہوئی عینہ کے کان میں اپنا زہر انڈیل رہا "

تھا عینہ کی انگلی سے خون تیزی سے بہتا فرش کو بھی

خراب کر رہا تھا۔۔ وہ دم سادھے کھڑی رہی۔۔۔

زار۔۔۔ اسکے کچھ نہ بولنے پر۔۔ تھوڑا سا اس سے

فاصلہ بناتا اسکا ہاتھ دیکھنے لگا۔۔۔ وہ انگلی۔۔ مکمل

کٹ چکی تھی۔۔۔ اب یہاں انگوٹھی تو کیا۔۔ شاید وہ

کیسی کا ہاتھ بھی

ایک لمحے کو خیال آیا اور کس طرح وہ اقرار کرے

اس سے کے اسے اس سے محبت ہے۔۔۔۔

وہ۔۔۔ یہ زخم۔۔سہنے کی پوری طرح کوشش کر رہی

تھی۔۔لبوں کو دانتوں میں کس کر دبا لیا تھا۔۔۔

زار کو آج اسوقت اسپر ترس ارہا تھا۔۔

اسنے عینہ کے خون بھتے زخم کو دیکھا۔۔اور اسے لے کر

۔۔۔۔وہ بیڈ پر بیٹھ گیا۔۔

خوامخواہ اسکے نزدیک اسے شرمندگی ہو رہی تھی خون

کافی بہہ گیا تھا وہ ایک بار بھی نہیں بولی تھی۔۔۔

زار نے۔۔۔۔ اسکے روم سے فرسٹ ایڈ۔۔۔ بکس

اٹھایا اور اسکے سامنے بیٹھ گیا۔۔۔۔

اسنے خاموشی سے عینہ کے ہاتھ کی ڈریسنگ کی تھی۔۔۔

عینہ ویسے ہی لبوں میں دانتوں کو دبائے بیٹھی تھی۔۔۔

پٹی کر کے اسنے۔۔عینہ۔۔۔کی طرف دیکھا۔۔

عینہ نے بھی نگاہ اٹھائی۔۔۔۔

اور زار نے۔۔۔ایکدم اسکی گردن میں ہاتھ ڈالا اور اسکے

چہرے پر وہ۔۔۔جھکا تھا۔۔

وہ۔۔۔اسپر اپنا جنون دیکھا تو چکا تھا۔۔

اب مزید۔۔۔دیکھانے کی کوشش کر رہا تھا وہ پھر

بھی خاموش رہی۔۔۔

اسکا کوئی ریایکشن نہ پا کر۔۔۔۔وہ دور ہوا۔۔۔اور اسے دیکھنے

لگا۔۔۔۔

وہ تھوڑا سا اس سے فاصلہ بنا کر اسکا چہرہ

دیکھنے لگا۔۔۔گویا اگر وہ ضدی بن رہی تھی تو ٹھیک ہے زار

کون سا کم ضدی تھا۔۔۔۔

عینہ نے ایک آہ بھری اور آنسو صاف کر کے۔۔۔

اس سے منہ موڑ لیا۔۔۔

زار کی برداشت میں یہ بھی نہیں ارہا تھا

اسنے ایکدم عینہ کی کلائی پکڑی اور اسے خود پر کھینچ لیا

جس بات سے مطمئین تھے وہ کر تو چکے ہیں اور کیا کرنا

وہ زخمی لہجے میں بولی۔۔۔۔ "چاہتے ہیں

تم مجھ سے ایک دم بھی منہ نہیں موڑ سکتی ایک

لمحہ بھی نہیں موڑ سکتی۔۔۔ تو کس بات پر مجھے

وہ غصے میں لگا" رو یہ دے رہی ہو

میری مجال ہے آپکے سامنے۔۔ خاموشی سے آپکی

"مان تو رہی ہوں پھر بھی آپ مجھ سے خوش نہیں ہیں

عینہ کے گال پر انسو پھیسل کر۔۔۔بہہ گیا۔۔

زار۔۔۔نے اسکے گال سے گیرنے والاے آنسو کو۔۔

اسکے چہرے پر جھک کر۔۔۔۔چن لیا۔

جو میں نے کہا ہے اسپر فوکس کرو۔۔اپنی ماں کو یہاں سے دفع ہو جانے کا کہوں۔۔

اس دن میں تمھیں قبول کرلوں گا مجھے اپنے کسی عمل پر شرمندگی نہیں ہیں۔۔۔تم نے میرے ساتھ جو کیا ہے اسکے بدلے تمھارے ساتھ تو۔۔میں کچھ بھی نہیں کر رہا۔۔۔

میں نہیں جانتی تھی کچھ زار پلیز میرا یقین کرلیں وہ اسکے سینے میں چہرہ چھپا گئ۔۔۔۔جبکہ زار " پیچھے لیٹ گیا۔۔۔

وہ اسکے بالوں کو سہلا رہا تھا۔۔وہ بری طرح رو رہی تھی۔۔ عینہ کا بینڈیج والا ہاتھ زار نے۔۔۔تھاما اور۔۔۔۔نرمی سے اسے چھوٹا اسکی تکلیف کم کرنا چاہتا تھا۔۔

عینہ رو کر خود ہی چپ ہو گئ۔

ابھی زار کچھ کہتا کہ۔۔۔ دروازہ دھاڑ دھاڑ بجنے لگا۔۔عینہ کی چیخ نکل گئ۔۔

وہ کرنٹ کھا کر زار سے دور ہوئ تھی جبکہ زار کو ایک پرسنٹ بھی فرق نہیں پڑا تھا۔۔

اسنے۔۔۔لاپرواہی سے عینہ کو دیکھا۔۔۔

وہ پوچھنا چاہتی تھی کہ زار نے سختی سے "ک۔۔۔۔کو اسکے منہ پر ہاتھ رکھ کر اسکی آواز دبا دی۔۔۔

وہ مسکرا کر اسے دیکھنے لگا۔۔

تمھاری ماں کو ہارٹ اٹیک اجائے گا اگر میں یہ وہ۔۔مزے سے بولا اور دروازہ کھولنے "دروازہ کھول دوں کے لیے مڑنے لگا جبکہ۔۔عینہ۔۔۔۔نے اسکے بازو تھام لیے۔۔۔

وہ بے بسی سے اسکے آگے "زار جائیں پلیز جائیں زار

ہاتھ جوڑنے لگی جبکہ زار۔۔۔نے تپ کر اسکیطرف

دیکھا۔۔

اس عورت کو ہمارے درمیان سے نکال دو۔۔۔ورنہ

وہ اسے پیچھے "میں پھر اپنے طریقے سے نکالوں گا۔۔۔۔

دھکیل سے لاسٹ وارن کرتا وہاں سے۔۔جیسے آیا تھا ویسے

چلا گیا۔۔عینہ۔۔۔۔نے سکھ اک سانس لیا

تھا آنے والے نے دروازہ توڑنے کی قسم کھالی تھی اسنے

اہستگیس ے روم کی لائیٹ آف کر کے نائیٹ بلب جلایا اور

۔۔۔

ہلکا سا دروازہ کھول دیا۔۔

بھابھی تھیں

کیا ہو گیا تمھیں ہر وقت دروازہ بند۔۔۔۔ تمھارا بھائی

بھابی میں کل بھائی سے بات کرلوں گیا بھی نیند ا

وہ۔۔چہرہ جھکا کر بولی تو۔۔۔نتاشہ نے سر ”رہی ہے

جھٹکا۔۔۔

اسے کون سا پرواہ تھی۔۔۔ تبھی سامنے سے زار۔۔ سیٹی کی

دھن بجاتا۔۔۔ گزر گیا۔۔ نتاشہ کا سارا دھیان زار پر

چلا گیا۔۔۔ جبکہ زار۔۔ اسے دیکھے بنا۔۔۔ہی

کمرے میں بند ہو گیا عینہ نے نتاشہ کو حیرانگی

سے دیکھا تھا۔۔۔

اور وہ بھی دروازہ بند کر گئ۔۔۔ جبکہ نتاشہ تو ویسے بھی زار

کے بند دروازے کیطرف دیکھ رہی تھی۔۔۔

گھیرہ سانس بھر کر وہ بھی صدام کے پاس چلی

گئ۔۔ دن بادن صدام سے بوریت ہونے لگی تھی اسے۔۔۔

اگلی صبح میں بے حد ہل چل تھی مگر پھر بھی سب کے ناشتہ اکٹھے کیا تھا۔۔۔

وہ سب ناشتہ کر رہے تھے۔۔ افنین۔۔۔ زار کی پیکینگ کرا رہی تھی زار نے اسے۔۔۔ اسکی دوست کے گھر اتنے دن ٹھرنے پر منالیا تھا۔۔ اور وہ اپنی ضد نہ منواتا تو اسے زار کہتا ہی کون۔۔۔۔

افنین بھی اپنا بیگ لے کر باہر آگئ۔۔۔ جبکہ زار فون پر مصروف تھا۔۔۔۔

اسنے کہا۔۔۔ اور فون بند کر "اوکے آپ پہنچ جائیں دیا۔۔ وہ افنین کو فلائیٹ کی ٹائیمینگ بتانے لگا

۔عالیہ یہ منظر دیکھ کر سب سے زیادہ خوش

ہوئی تھی۔۔ کہ۔۔ وہ دونوں مصیبتیں تو کار ہیں ہیں اب وہ سکون سے یہاں رہے گی۔۔۔۔

تبھی عینہ ٹیبل پر اگئی اسنے اپنا ہاتھ چھپایا ہوا تھا۔۔۔

زار جا رہا تھا وہ اپنی بات کا کتنا پکا تھا۔۔۔ اسنے۔۔ اداسی سے۔۔ اسپر ایک نظر ڈال کر ناشتہ کرنے بیٹھ گئی۔۔۔

عالیہ عینہ کو دیکھ کر مسکرائی اور۔۔

افنین اور زار بھی اگئے۔۔ ٹیبل پر۔۔ صدام نہیں تھا وہ باہر اریجمنٹ کرا رہا تھا۔۔۔

افنین کے بیگ دیکھ کر انس "تم کہاں جا رہی وہ شاہ بولے چہرے پر سنجیدگی تھی۔۔

میری ماں ہے۔۔ مجھے یقین کسی پر ٹرسٹ نہیں جب تک۔۔ میں یہاں نہیں ہوں میں۔ اس پاگل

اسنے واضح لفظوں "حنا نے میں اپنی ماں کو نہیں چھوڑو گا

میں کہا

ایک تو زبان کو لگام دے کر بولا کرو۔۔۔ یہ میری

چھوٹ ہے جو تم اتنا فضول بولتے ہو۔۔اور یہ اسکا

انس شاہ غصے "گھر ہے۔۔ کہاں پہنچ رہے ہو تم

سے بولے۔۔

واقعی یہ میری ماں کا ہی گھر ہے اور وہ ہی یہاں کی

مالک ہے اگر وکی یہ خوبا سوچ بیٹھا ہے تو فضول

خواب ہے اسکا یہ۔۔

اور اب سے اہم بات۔۔۔ مما بور ہو جائیں گی تبھی

"۔۔آسیہ آنٹی کے گھر جا رہیں ہیں

یہ تمھارے دماغ کا مسلہ ہے۔۔۔ اپنے گھر میں کوئ

بور نہیں ہوتا۔۔۔

انس بھڑکے۔۔۔ "کہیں نہیں جاؤ گی تم۔۔۔

زار۔۔۔نے زرا مسکرا کر جتاتی نظر عالیہ کے

سرد چہرے پر ڈالی۔۔۔

افنین نے اپنا بیگ رکھ دیا

میں زار کو یہ ہی سمجھا رہی تھی مگر مانتا نہیں یہ

افنین نے کہا۔۔ "لڑکا

وہ "پھر مجھے جلدی آنا پڑے گا مما آپکی وجہ سے

عاجز آ کر بولا۔۔

انس شاہ کو اسکی یہ حرکت "شیٹ آپ

بہت بری لگ رہی تھی۔۔۔

زار نے مسکرا کر شانے اچکا دیے

وہ مسکرا دیا۔۔ عالیہ سے لقمہ اتارنا مشکل ہو "اوکے گیا تھا۔۔۔ کہاں وہ خوش ہوئی تھی اور کہاں انس نے کیسے اسپر حق جتاتے اسے روک اٹھا۔۔

نتاشہ ایک ٹک زار کو دیکھ رہی تھی جس نے دوبارہ سے سیل فون نکال لیا تھا۔۔ جبکہ عینہ سر جھکائے بیٹھی تھی۔۔۔

ولایہ اسپر چیخی "تم ناشتہ کیوں نہیں کر رہی

سب اسے دیکھنے لگے۔۔۔

وہ بھڑکی۔۔ "ناشتہ کرو۔

عینہ سرہال کرناشتہ کرنے لگی

"بچی ہے آرام سے بات کرو

عالیہ نے آنکھیں پلٹ لیں "میری بیٹی ہے

وہ تپ کر بولی۔۔۔ "جیسے مرضی بات کروں

تمیز سے بات کرو باپ ہے وہ میرا۔۔۔بد تمیز

زار نے سیل فون پٹخا۔۔۔ "عورت

انس نے۔۔۔ اسکو گھورا۔۔۔۔ "زار

اس عورت میں تمیز تہذیب شکل و

صورت کچھ بھی نہیں ہے پتہ نہیں کسی اچھا لگ

وہ بھڑک کر اس سے بدلہ لیتا وہاں سے باہر "گیا آپکو

نکل گیا۔۔

انس۔۔۔۔۔نے گھیرہ سانس بھرا۔۔نیا محافظ

وہ کھڑا کر گیا تھا۔۔عالیہ غصے سے وہاں سے اٹھ

گئ۔

اور عینہ زار کو جاتا ہوا دیکھنے لگی

اسکی ماں کی بہت عزت تھی۔۔ مگر عینہ کی ماں

منحوس بدکردار بدتمیز۔۔۔ عورت تھی۔۔۔۔

وہ خفگی سے۔۔۔ سر جھٹک گئ۔۔۔۔

اسے زار پر غصہ آنے لگا تھا مگر وہ اسفر کے نام کی

انگوٹھی پہن ہی نہیں سکتی تھی۔۔۔

عینہ کا دل بھی اچاٹ ہو گیا وہ بھی وہاں سے اٹھ گئ۔۔

اور۔۔ کمرے میں آکر زار کو لون میں دیکھنے لگی۔۔۔

وہ بلیک پینٹ بلیک شرٹ میں گاگلز لگائے

۔۔۔۔

کھڑا تھا۔۔ اور۔۔۔ اچانک اسکے ایمپلوائے آنے

لگے۔۔۔

جس میں ماہی بھی تھی یعنی وہ سچ کہہ رہا تھا اسکا

بیزنیس ٹریپ ہے مگر۔۔ مگر وہ ماہی کیوں جارہی

تھی کیا ضرورت تھی اسے جانے کی

وہ کیسے زار کے قریب کھڑی تھی۔۔۔۔

زار وک دیکھ رہی تھی۔۔۔۔

زار اسکی سن رہا تھا۔۔

عینہ کی آنکھیں بیھگی تھیں۔۔۔

زار نے ان سب کو گاڑی میں بیٹھنے کا کہا

عینہ آج دل کیا اسے روک لے۔۔۔کہے مت جائے

۔۔۔۔

مگر۔۔ ایسا نہیں وہا۔۔ وہ کچھ دیر میں وہاں سے چلا

گیا کتنے دن کے لیے وہ کہیں جانتی تھی۔۔۔ مگر وہ

اس سے دور چلا گیا تھا۔۔۔۔

فنکشن کا اہتمام صدام نے بہت اچھا کیا تھا

وائیٹ اور پینک کی کمبینیشن کے ساتھ پورا کون بے حد حسین لگ رہا تھا عالیہ انس سے ناراض تھی عینہ تیار ہوئی بے حد حسین لگ رہی تھی اوپر سے سرخ نظریں اداسی۔۔۔افسردگی نے اسے اور بھی دلکش اور حسین بنا دیا۔۔۔تھا

وہ آئی۔۔۔اور اسفر سے کچھ فاصلے بنا کر بیٹھ گئی۔۔۔

کچھ دیر میں منگنی کی رسم ہوئی تو اسفر نے۔۔۔عینہ و کو انگوٹھی پہنانے کے لیے ہاتھ تھاما۔۔۔جبکہ۔۔۔وہاں سب کھڑے۔۔۔دنگ رہ گئے۔۔

عینہ کی انگیجمنٹ فینگر پر۔۔۔پٹی بندھی ہوئی تھی۔۔۔

عالیہ اچنبے سے بے ساختہ بولی "عینہ

عینہ نے کچھ نہیں کہا۔۔۔

ایک عورت بولی۔۔۔ "ارے یہ کیا

دوسری "اس بات کا تو کچھ اور ہی مطلب ہوتا ہے

عورت ہنس پڑی۔۔۔

"کچھ کچھ نہیں ہوتا۔۔۔دوسری انگلی میں پہنا دو بیٹا

ناہید نے مدھم سا مسکرا کر۔۔۔کہا تو عینہ کے دوسرے ہاتھ میں اسفر نے زرا غصے سے انگوٹھی پہنا دی۔۔۔

عالیہ چپ کھڑی تھی۔۔۔اسنے سارے دن میں بیٹی کے ہاتھ پر توجہ ہی نہیں دی تھی منگنی کی رسم سے وہ جلدی ہی اٹھ چکی تھی۔۔۔

باہر فنکشن چل رہا تھا جبکہ سینے میں گھٹن سی اٹھ رہی تھی۔۔

کیا واقعی اسے فرق نہیں پڑا

چلو ٹھیک ہے وہ اپنا کام پورا کر گیا مگر وہ اسے یہاں اکیلی چھوڑ گیا وہ اور کیسے اسے سزا دینا چاہتا ہے وہ کیسے۔۔مانے گا جبکہ وہ مما سے۔۔وہ باتیں کیسے کہے کہ۔۔وہ انس شاہ سے الگ ہو جائیں یہ سب کیسے ممکن ہے وہ۔۔کچھ نہیں جانتی تھی اسے لگ رہا تھا بس رونا اسکی قسمت بنی ہوئی ہے۔۔۔

اسنے اپنا چہرہ دھویا یہ سب چیزیں اپنے ارد گرد

سے ہٹائی۔۔۔

بلکہ نوچ نوچ کر پھینکا اور وہ واشروم میں وضو کرنے چلی گئی

وہ واپس آئی اور نماز پڑھنے لگی دل کو کچھ سکون بھی ہوا تھا

۔۔۔

ابھی وہ دعا مانگ کر اٹھی تھی کہ عالیہ کمرے

میں داخل ہوئی۔۔۔

اور اسے دیکھ کر ایک پل کو دنگ رہ گئی۔۔

تم نے کپڑے کیوں بدلے ہیں۔۔۔ اسفر تم سے ملنا

عالیہ بولی تو۔۔۔ عینہ نے بے زاری "چاہتا ہے

سے اپنی ماں کیطرف دیکھا

اور بس سر ہلا دیا وہ انکار کرتی یہ کچھ بھی کہتی۔۔۔ تو

عالیہ اسپر غصہ کرتی۔۔ تبھی اسنے سر ہلا دیا مگر

عالیہ اسکے نزدیک آئی اور اسنے۔۔۔عینہ کا بازو جکڑ لیا۔۔۔

اسے گھور کر دیکھا عینہ کچھ پریشان سی ہو گئ۔۔

اسنے اسے "تمھیں تو میں کچھ دیر بعد بتاتی ہوں

جھٹک کر کہا اور باہر نکل گئ۔۔

عینہ۔۔ سمبھلی کیونکہ۔۔۔ولایہ کے دھکیلنے سے وہ بیڈ پر

گیر گئ تھی

وہ اٹھ کر کھڑی ہو گئ اسکے چہرے کے رنگ اڑ گئے تھے

۔۔

تبھی کچھ ہی دیر میں اسفر کمرے میں داخل ہوا

اسنے کہا اور اسکے نزدیک ا۔گیا "ہائے

عینہ۔۔کی پیشانی پر پسینہ سا پھیل گیا۔۔۔وہ اسفر کو اپنے کمرے میں بلکل برداشت نہیں کر پا رہی تھی

عینہ نے کہا تو اسفر نے اسکا بازو "ہم باہر چلتے ہیں تھام لیا

کس لیے۔۔ میں اور تم منگیتر ہیں ایک دوسرے کے ہم۔۔۔ایک دوسرے سے۔۔اکیلے میں بات چیت کر سکتے ہیں یہاں کوئی اختلاف نہیں کرے گا

وہ نرمی سے بولا۔۔ "ڈونٹ وری

عینہ کو رونا آنے لگا "م۔۔مگر میں کمفرٹیبل نہیں ہوں تھا

وہ عینہ کو لیے بیڈ "آہ چلو میں تمھیں کمفرٹیبل کرتا ہوں پر آیا

اور اسے بیٹھا کر بلکل اسکے ساتھ بیٹھ گیا۔۔

عینہ نے ایکدم اس سے فاصلہ بنالیا۔۔۔

اسفر نے اسکو غور سے دیکھا چوٹ کیسے لگی تمھارے

اسفر نے گھیرہ سانس کھینچتے ہوئے "ہاتھ میں

پوچھا

چ

اسنے کہا۔۔ تو اسفر نے عینہ کا "۔ چھری لگ گئ تھی

ہاتھ تھام لیا

عینہ اپنا ہاتھ آزاد کرنا چاہتی تھی مگر گرفت سخت تھی

وہ بولا اور اسکے ہاتھ "بہت کھیل کھیلتے ہیں لوگ ایسے

پر بندھی پٹی کھولنے لگا

وہ جلدی سے سٹپٹا "یہ یہ آپ کیا کر رہے ہیں

کر بولی۔۔۔

منگنی کی انگوٹھی جس انگلی میں پہنی جاتی بلکل اسی انگلی میں پہنا رہا ہوں

اسنے پٹی کھول دی ”مگر میری انگلی میں زخم ہے تھی ایک بڑا اسا ر انشان کٹا ہوا تھا جو اسکی ہتھیلی سے انگلی پر تھا۔۔۔

اسفر کو گویا یقین اگیا۔۔۔ ”اوہ

وہ بولا انگلی“ ”مگر مجھے اچھی نہیں لگ رہی یہ انگوٹھی میں انگوٹھی دیکھنے لگا

عینہ کی انگلی میں انگوٹھی نہیں تھی

اسفر عجیب سے انداز میں مسکرا دیا۔۔

عینہ شرمندگی سے ڈریسنگ کیطرف ”کہاں پر ہے اشارہ کر گئ اسفر نے ڈریسنگ پر سے انگوٹھی اٹھائ اور

--عینہ کے دیکھتے ہی دیکھتے زبردستی اسکی اسی انگلی میں

جس میں زخم تھا اسنے پھنس دی--

عینہ ایکدم چلا اٹھی

وہ "آہ---اسس--اسفر مجھے درد ہو رہا ہے نکالیں اسے آہ

بری طرح رو دی---

اب یہ کبھی نہ نکلے بھلے تم زخمی ہوتی ہو یہ نہیں

وہ-- بھڑک کر بولتا اسکے گال پر ہاتھ رکھ گیا"

عینہ زخم کی تکلیف سے دھری ہونے لگی اسفر اسکو

تکلیف سے دھرا ہوتا بڑے پیار سے دیکھنے لگا---

عینہ نے اس انگلی سے انگوٹھی کھینچنے کی کوشش کی مگر

انگوٹھی بے حد تنگ تھی--

اسفر ہنس دیا

میں نے تنگ ہی بنوائی ہے--

اب تم۔۔ یہ کبھی نکال نہیں سکتی اور بقیہ رہ گیا

وہ مسکرا کر اٹھ "زخم تو۔۔۔ کچھ نہیں ہوتا برداشت کرلو

گیا

باقی ملاقات تمھیں رونے دھونے کے ختم ہونے کے

بعد کروں گا اور بات سنو عینہ میری میں کافی

لیبرل انسان ہوں تو تمھیں بھی یہ دوپٹہ یہ حجابی

لڑکی بننے کی ضرورت نہیں۔۔ کل میرا ایک دوست

منگنی کی خوشی میں پارٹی دے رہا ہے رات میں لینے

او گا۔۔ انٹی سے بات کرچکا ہوں انھیں اعتراض نہیں اور

وہ مسکرا کر کہتا اسکے گال کو "ڈریس تمھارا ابھی بھیج دوں گا

ایک بار پھر سے چھوتا وہاں سے چلا گیا

عینہ کی انگلی سے خون بہہ رہا تھا۔۔۔ اسنے۔۔ جلدی سے

واشروم کی راہ لی۔۔۔۔

اور پانی کے نیچے اپنی ہتھیلی کرتی وہ۔۔ وہ انگوٹھی نکالنے چاہتی
تھی مگر انگوٹھی نکل نہیں رہی تھی وہ پھوٹ پھوٹ کر رو
دی۔۔۔

وہ خود "یہ سب کیا ہے۔۔۔ کیا ہے یہ سب
سے ہی سوال کرنے لگی تھی۔

اچانک اسے عالیہ کی آواز آئی۔۔ "عینہ

وہ۔۔۔ بہتے خون کی پرواہ کیے بنا۔۔۔ ٹاول لے کر باہر نکلی وہ
مما کو دیکھنا چاہتی تھی

کہ اسفر نے اسکے ساتھ کیا کیا ہے وہ سرخ
آنکھوں سے باہر نکلی

مگر جیسے ہی وہ باہر نکلی ویسے ہی عالیہ نے اسکے
چہرے پر تھپڑ برسانے شروع کر دیے۔۔۔

عینہ ایکدم زمین پر جا گیری

کس نے کاٹا ہے تمھارا یہ ہاتھ تم نے میری عزت دو کوڑی کی کر دی۔۔۔ باہر عورتوں نے باتیں بنا بنا کر میرا برا حال کر دیا ہے

مجھے بے عزت کر کے رکھ دیا تم جانتی ہو عینہ میرے وہ چلائی "لیے کتنا قیمتی ہے میرا عزت نفس

جبکہ عینہ خود کو بچا رہی تھی اپنا چہرہ۔۔۔ جو لال سرخ ہو چکا تھا۔۔۔۔ وہ۔۔ گھٹنوں میں چھپا چکی تھی

عالیہ نے اسکی کمر پر بھی۔۔۔۔ تھپڑ برسا دیے

--

وہ تھک کر دور ہوئی عینہ۔۔۔ کی بس سسکیاں آٹھ رہیں تھیں۔۔۔۔۔

وہ اسکو جھنجھوڑ کر "مجھے بتاؤ یہ کس نے کاٹا ہے۔۔۔۔

آپ ۔۔اپ میری ماں نہیں ۔۔ نہیں لگ رہیں وہ تڑپ ”۔۔۔ س ۔۔۔ سگی بیٹی ہ۔۔ ہوں میں آپکی اٹھی ۔۔۔۔۔

وہ ”نہیں مگر مجھے لگتا ہے تم مجھے سوتیلی ماں سمجھتی ہو غصے سے چلائی

۔۔۔۔۔

عینہ بے بسی سے بولی ”مج۔۔ مجھ سے خود کٹ گئی ۔۔

عالیہ نے اسکا ہاتھ پکڑا اور اس میں پھنسی انگوٹھی دیکھ کر مسکرا دی

وہ بولی ۔۔۔ ”بہت اچھا کیا ۔۔۔ بہت اچھا ۔۔۔

عینہ خوف زدہ نظروں سے عالیہ کیطرف دیکھ رہی تھی ۔۔۔۔

اور پھر عالیہ نے عینہ کو دیکھا ۔۔

مجھے سب علم ہے عینہ۔۔۔ منگنی کے وقت تمھاری

انگلی کا کٹ جانا۔۔ یہ منگنی کے دن کٹ جانا

سب سمجھ ارہی ہے مجھے میں نے تم سے اس

منگنی سے پہلے پوچھا تھا کہ تم کہیں کرنا چاہتی ہو تم

نے مجھے نہیں بتایا اب تم بلکل اس انگوٹھی کیطرح

پھنس چکی ہو میں تمھیں اس رشتے سے آزاد ہونے

وہ اسے خونخوار نظروں سے دیکھنے لگی عینہ کے "نہیں دوں گی

گال پر آنسو پھیسل کر گردن میں چلا گیا۔۔۔۔

عالیہ خاموش ہو گئ۔۔

ایک بات تو بتاؤ یہ زار سے تمھاری بات چیت

وہ زرا تشویشی نظروں سے اسے دیکھنے لگی۔۔ "ہوتی ہے

عینہ نے ایکدم سر نفی میں ہلا دیا

وہ ایکدم بولی تو "وہ۔۔ وہ مجھ سے کیوں بات کریں گے

ٹھیک ہے۔۔ اور وہ تم سے بولے بھی نہ اچھا یہ ہی

وہ کہہ کر اٹھی اور چلی گئی۔۔ ”ہے۔ تمھارے حق میں

عینہ اسکے جاتے قدم دیکھ رہی تھی۔۔ وہ واقعی اسکی ماں

تھی۔۔۔

وہ یوں ہی بیٹھی رہ گئی

صدام پورے دن سے کام میں اتنا مصروف تھا

عینہ سے بات کرنے کا بھی وقت نہیں ملا وہ کمرے سے

جانے لگا کہ۔۔ نتاشہ نے روک لیا

وہ ”ابھی تو تم ناہید بی بی کے گھر سے آئے ہو صدام

۔۔وہاں۔۔۔ شگن کا سامان رکھوانے گیا تھا۔۔۔

وہ زرا تھکا تھکا سا بولا۔۔۔ “یار عینہ سے کب سے نہیں ملا

جبکہ۔۔۔نتاشہ نے اسکا ہاتھ تھام لیا

اسنے اسکے چہرے "تم تھکے تھکے لگ رہے ہو۔۔۔

پر ہاتھ رکھا

صدام کو بھی شاید اس وقت اسکی ضرورت تھی

اسکا ہاتھ خود بخود دروازے پر سے ہٹ گیا۔۔جبکہ

نتاشہ نے۔۔۔روم کی لائٹس آف کر دیں۔۔۔

انس نے مسکرا کر پوچھا "فنکشن تمھاری پسند کا ہو گیا

۔۔عالیہ اپنے زیورات دیکھ رہی تھی

ہاں ہو جاتا اگر میرے بچے عقل کو ہاتھ لگا کر کچھ میری

مرضی کا ہونے دیتے۔۔۔بھلا صدام کو ضرورت تھی

وہ غصے سے بولی "جب فنکشن آپ کر سکتے تھے

تمھیں خوش ہونا چاہیے تمھارا بیٹا سٹیبل ہو رہا ہے یار
"۔۔۔

وہ سر جھٹک کر بولی "مگر میرا شوہر پروپر سٹیبل ہے
جبکہ۔۔۔انس نے نفی میں سر ہلا دیا

اچانک انس کا فون بجنے لگا عالیہ کچھ بولتے بولتے
رک گئ

انس کی مسکراہٹ "اور سناؤ۔۔۔میرے سلطان
بتا رہی تھی زار کی کال ہے۔۔

بڑے دنوں بعد اس اعزاز سے بخشا ہے یار آپ
نے یعنی مجھے آپ سے دور رہنا چاہیے تب آپکو
میری قدر ہو گی"

انس نے "دیکھو اتنے دور بیٹھ کر مجھ پر طنز نہ مارو

نفی میں سر ہلایا۔۔۔

اچھا۔۔۔ یہ بتائیں میری ماں کہاں ہے۔۔۔

آپ نے انکا خیال رکھا کہ۔۔۔ اپنی بیوی کے پاس

ہیں"

انس کو اسکی بات پسند نہیں آئی۔۔ "زار

وہ عاجز آتا بولا "یار مما کے بارے میں پوچھ رہا ہوں

۔۔۔۔

تمھاری ماں ٹھیک ہے اسنے کہا

وہ بولا۔۔۔ "میں جلد اجاؤں گا

انس بڑے لگاؤ سے بولے۔۔۔ "خیال رکھنا اپنا۔۔۔

وہ مسکرا کر کال آف کر گیا اسکا ارادہ افنین "اوکے ڈیڈ

کو اگلی کال ملانے کا تھا۔۔۔

انس شاہ نے کال بند کی عالیہ انھیں کیطرف دیکھ رہی تھی

وہ "اللہ کرے خیریت سے واپس لوٹ آئے

بڑبڑاتے ہوئے اٹھے اور واشروم میں چلے گئے

عالیہ کا بس "اللہ کرے مر جائے منحوس نہیں چلا۔۔۔زار کو خود ہی گھس کر مار دے۔۔۔

اسنے اپنی جیولری۔۔ٹیبل پر پھینک دی.

......۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عینہ نے اسکے بعد جتنے بھی دن گزارے وہ سب کے سب۔۔۔زار کی موجودگی کے بنا۔۔عالیہ اور اسفر کے عین مطابق گزرے روز کالج کا کہہ کر اسفر اسکے

ساتھ ٹائم گزرتا تھا۔۔اسے اسفر کی طبعیت میں عجیب نفسیاتی مسلہ لگتا تھا۔۔وہ۔۔عینہ کے ساتھ بلکل نارمل بیہیو نہیں کرتا تھا عینہ اسکی موجودگی میں بے چین بے قل سی۔۔۔بے حد۔۔۔ڈری سہمی رہتی تھی

--

وہ اسکی منگنی کی انگوٹھی سے کھیلتا تھا جیسے عینہ کی آہ سن کر اسے چین میسر آتا ہو۔۔پھر وہ مسکرادیتا تھا

ان دنوں میں وہ عینہ کو ڈنر پر بھی لے کر گیا اور۔۔ڈنر پر عینہ نے تو کچھ نہیں کھایا البتہ وہ سکون سے کھاتا تھا۔۔

اور جس دن وہ پارٹی میں اسکی پسند کالباس پہن کر گئی۔۔عینہ کے رونگٹھے سے کھڑے ہو گئے وہ ڈرنک کرتا تھا۔۔

اور اسنے عینہ کو بھی ڈرنک کرنے کی آفر کی۔۔۔عینہ وہاں سے بھاگ کر نکل آئی تھی۔۔۔مگر۔۔۔اسفر پیچھے پیچھے اگیا وہاں اسنے اس سے سوری کیا۔۔۔

کہ وہ۔۔بس دوستوں کے ساتھ ایسے ہی فری ہو گیا تھا۔۔ورنہ وہ ڈرنک نہیں کرتا جبکہ عینہ کو ایک پرسنٹ بھی یقین نہیں ایا تھا

سچ کہا جاتا تو عینہ کا دم نکلنے کو تھا ایک ایک پل اسنے زار کے لوٹنے کی دو کی تھی وہ اسکے سینے سے لگ کر بے حد رونا چاہتی تھی وہ اسکے آگے ہاتھ جوڑنا چاہتی تھی کہ وہ قبول کرلے وہ نہیں کر سکتی تھی وہ نہیں سہہ سکتی تھی یہ سب۔۔۔

مگر زار۔دو ہفتے گزر جانے پر بھی نہیں آیا۔۔۔

ایک صبح انس۔۔۔نے افنین سے پوچھا کہ زار سے

والا ہے مگر۔۔۔ افنین نے بتایا کہ اسے ابھی مزید دو

ہفتے لگیں گے۔۔ عینہ۔۔۔ بس تھم گئ تھی۔۔۔۔

اور۔۔ اسی طرح اسفر۔۔۔۔ بھی روز آتا تھا۔۔۔ گھر

